اس گائیڈ کے کچھ مشمولات ہو سکتا ہے، آپ کے آلے سے مکمل طور پر مشابہ نہ ہوں، ان کا انحصار آلے کے سافٹ ویئر یا آپ کے خدمت مہیا کار پر ہوتا ہے۔

Kies نصب کرنے کے لئے (پی سی سنک) Kies

1. سام سنگ کی ویب سائٹ (**www.samsungmobile.com**) سے Kies کا جدید ترین ورژن ڈاؤن لوڈ کرکے اسے اپنے پی سی پر نصب کریں۔
2. مینیو موڈ میں منتخب کریں **سیٹنگز** ← **منسلکی جاری** ← **USB** ← **Samsung Kies** ← **سیٹ**۔
3. پی سی ڈیٹا کیبل استعمال کرکے اپنے آلے کو پی سی سے جوڑیں مزید معلومات کے لئے Kies کی مدد سے رجوع کریں۔

Printed in Korea
Code No.:GH68-29954A
Urdu. 12/2010. Rev. 1.0

GT-S5253

صارف گائیڈ

SAMSUNG

اس گائیڈ کو استعمال کرنا

یہ سام سنگ موبائل آلہ خریدنے کے لئے آپ کا شکریہ۔
یہ آلہ آپ کو سام سنگ کی بہترین ٹیکنالوجی اور اعلی معیارات کی بنیاد پر اعلی معیار کی موبائل مواصلت اور تفریح فراہم کرے گا۔

یہ صارف گائیڈ خاص طور پر آپ کو آپ کے آلے کے فیچر اور فنکشن کے متعلق بتانے کے لیے ڈیزاین کیا گیا ہے۔

پہلے مجھے پڑھیں

- محفوظ اور درست استعمال کو یقینی بنانے کے لئے اپنا آلہ استعمال کرنے سے قبل تمام حفاظتی تدابیر اور اس مینیول کو دھیان سے پڑھیں۔
- اس صارف گائیڈ کی وضاحتیں آپ کے آلے کی ڈیفالٹ ترتیبات پر مبنی ہیں۔
- اس صارف کے مینیول میں استعمال ہونے والی امیج اور اسکرین شاٹ اصلی مصنوعے سے مختلف لگ سکتے ہیں۔
- اس صارف مینیول کے اجزا مصنوعے یا خدمت فراہم کنندگان یا کیرئیر کے فراہم کردہ سافٹ وئیر سے مختلف ہوسکتے ہیں اور بغیر کسی پیشگی اطلاع کے تبدیل ہوسکتے ہیں۔ اس صارف کے مینیول کے تازہ ترین ورژن کے لئے www.samsungmobile.com سے رجوع کریں۔
- دستیاب فیچر اور اضافی خدمات آلے، سافٹ وئیر یا خدمت فراہم کنندہ کے لحاظ سے مختلف ہوسکتے ہیں۔
- اس مینیول کے فارمیٹنگ اور حوالگی Bada آپریٹنگ سسٹم پر مبنی ہیں اور صارف کے آپریٹنگ سسٹم کے لحاظ سے مختلف ہوسکتے ہیں۔
- ایپلیکشن اور ان کے فنکشن ملک، علاقے یا ہارڈوئیر کی خصوصیات کے لحاظ سے مختلف ہوسکتے ہیں۔ سام سنگ تیسرے فریق کے ایپلیکیشن کی وجہ سے ہونے والے کارکردگی کے مسائل کا ذمہ دار نہیں ہے۔

- سام سنگ صارفین کی جانب سے کی جانے والی رجسٹری سیٹنگز میں تبدیلیوں کی وجہ سے ہونے والے کارکردگی کے مسائل یا غیرمطابقتوں کا ذمہ دار نہیں ہے۔
- آپ www.samsungmobile.com تک رسائی کرکے اپنے موبائل آلے کے سافٹ وئیر کی تجدید کرسکتے ہیں۔
- اس آلے میں فراہم کردہ آواز کے ذرائع، وال پیپر اور امیج سام سنگ اور ان کے متعلقہ مالکان کے درمیان محدود استعمال کے لئے لائسنس کئے گئے ہیں۔ ان مواد کو تجارتی یا دوسرے مقاصد کے لئے نکالنا اور استعمال کرنا کاپی رائٹ قوانین کی خلاف ورزی ہے۔ سام سنگ صارف کی وجہ سے ہونے والے کاپی رائٹ کی اس خلاف ورزی کا ذمہ دار نہیں ہے۔
- اس صارف گائیڈ کو آئندہ حوالے کے لئے سنبھال کر رکھیں۔

وضاحتی شبیہات

شروع کرنے سے پہلے، اپنے آپ کو اس گائیڈ میں استعمال ہونے والے آئکن سے واقف کریں:

تنبیہ — ایسی صورت حال جس سے آپ کو یا دوسروں کو چوٹ پہنچ سکتی ہے

ہوشیار — ایسی صورت حال جس سے آپ کے فون یا دیگر آلات کو نقصان پہنچ سکتا ہے

نوٹ — نوٹس، استعمال کرنے کے ٹوٹکے، یا اضافی معلومات

◀ **حوالہ بطرف** — متعلقہ معلومات کے صفحات؛ مثال کے طور پر: ◀ ص۔ 12 (سے مراد "دیکھیں صفحہ 12" ہے)

← **اس کے بعد** — اختیارات اور مینیو کی ترتیب جو آپ کسی اقدام کے لیے منتخب کرتے ہیں؛ مثال کے طور پر: بے کار وضع میں ایپلیکیشن کی فہرست کھولیں اور مینیو موڈ میں منتخب کریں **پیغامات** ← **کمپوز کریں** کریں (اس سے مراد **پیغامات**، اس کے **کمپوز کریں** کریں ،ہے)

[ ] **بڑی قوسین** — فون کلیدیں؛ مثال کے طور پر: **[⏻]** (پاور کلید کی نمائندگی کرتا ہے)

کاپی رائٹ

Copyright © 2010 Samsung Electronics

یہ صارف مینیول بین الاقوامی کاپی رائٹ قوانین کے تحت محفوظ ہے۔

اس صارف مینیول کے کسی بھی حصے کو سام سنگ الیکٹرانک کی پیشگی تحریری اجازت کے بغیر کسی بھی شکل یا کسی بھی طریقے سے، چاہے وہ الیکٹرانک ہو یا میکانیکی، جس میں فوٹو کاپی کرنا، ریکارڈ کرنا، یا کسی بھی معلومات کے ذخیرے اور بازیابی کے نظام میں ذخیرہ اندوزی شامل ہیں، دوبارہ تخلیق، تقسیم، ترجمہ، یا ترسیل کی اجازت نہیں ہے۔

ٹریڈمارکس

- سام سنگ، اور سام سنگ لوگو، سام سنگ الیکٹرانکس کے رجسٹرڈ ٹریڈمارکس ہیں۔
- Bluetooth® رجسٹرڈ ٹریڈ مارک ہے Bluetooth SIG, Inc. عالمی۔

- اوریکل اور جاوا کی ٹریڈ مارک رجسٹرڈ ہیں۔ اوریکل اور / یا اس کے ملحقہ۔ دیگر نام ہو سکتا ہے ان کے مالکان کے ٹریڈ مارک۔
- ®Windows Media Player رجسٹرڈ ٹریڈمارک ہے Microsoft Corporation کا۔
- SRS Labs, Inc اور SRS WOW HD SRS CS Headphone کے ٹریڈ مارکس ہیں۔ CS Headphone اور WOW HD ٹیکنالوجیوں کو SRS Labs, Inc کے لائسنس کے تحت شامل کیا گیا ہے۔
- Wi-Fi CERTIFIED, Wi-Fi® لوگو اور Wi-Fi لوگو Wi-Fi.Alliance کے رجسٹرڈ ٹریڈمارکس ہیں۔
- باقی تمام ٹریڈمارکس اور کاپی رائٹ اپنے متعلقہ مالکان کی ملکیت ہیں۔

CE 0168 !

مشمولات

تیار کرنا 10
کھولیں 10
سم کارڈ اور بیٹری نصب کریں 10
بیٹری چارج کریں 12
میموری کارڈ داخل کریں (اختیاری طور پر) 14
ہاتھ کا اسٹریپ لگائیں (اختیاری) 16

شروع کریں 17
اپنے آلے کو آن یا آف کریں 17
اپنے آلے کو جانیں 18

ٹچ اسکرین استعمال کریں 21
ٹچ اسکرین اور کلیدیں لاک یا ان لاک کریں 23
مینیوز تک رسائی کریں 23
اپلیکیشنز کو چلانا اور منظم کرنا 25
وڈجیٹ استعمال کریں 26
اپنے آلے کو ذاتی بنائیں 27
متن داخل کریں 31

مواصلت 35
کال کی جارہی ہے 35
لاگس 41

پیغامات 42
ای میل 48
IM 52
Social Hub 52

تفریح 53
کیمرہ 53
وڈیو پلئیر 62
میوزک 64
FM ریڈیو 68
گیمیں اور بہت کچھ 71

ذاتی معلومات 72
رابطے 72
کیلنڈر 74
ٹاسک 76
میمو 77
وائس ریکارڈر 77

ویب 79
انٹرنیٹ 79
سام سنگ Apps 83
بم وقت سازی 84

کمیونٹی ویب سائٹس 85
YouTube 85

کنکشن کی قابلیت 86
بلیوٹوتھ 86
Wi-Fi 89
GPS 91
پی سی کنکشن 93

ٹولز 97
گھڑی 97
کیلکولیٹر 98
میرے اکاؤنٹس 99
میری فائلیں 100
سرچ 105

سیٹنگز 106
سیٹنگز مینیو تک رسائی کریں 106
پرواز کي وضع 106

منسلکی جاری 106
ساؤنڈ پروفائلز 107
ڈسپلے اور روشنی کی سیٹنگز 108
جرنل 108
وقت تاریخ 109
مینیو اور وجیٹ 110
ایپلیکیشنز 110
سیکیورٹی 117
میموری 118
دوبارہ سیٹ 118
فون کے متعلق 118
سافٹ ویئر تازہ کاری 119
سم ایپلیکیشنز 119
ازالہ نقص کاری 120
حفاظتی تدابیر 126

تیار کرنا

کھولیں

درج ذیل اشیاء کے لیے اپنے مصنوعہ باکس کو چیک کریں:

- موبائل آلہ
- بیٹری
- سفری اڈاپٹر (چارجر)
- صارف گائیڈ

صرف سام سنگ کے منظور شدہ سافٹ وئیر استعمال کریں۔ غیرقانونی یا جعلی سافٹ وئیر نقصان یا ناقص کارکردگی کا باعث بن سکتے ہیں جن پر آپ کے بنانے والی کی ضمانت کا اطلاق نہیں ہوتا ہے۔

- آپ کے آلے کے ساتھ مہیا کی جانے والی اشیاء آپ کے علاقے میں دستیاب سافٹ ویئر اور لوازمات یا آپ کے خدمت مہیاکار کی پیشکش کے مطابق مختلف ہو سکتی ہیں۔
- آپ اپنے مقامی سام سنگ ڈیلر سے اضافی لوازمات حاصل کر سکتے ہیں۔
- فراہم کردہ لوازمات آپ کے آلے کے لئے بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہیں۔
- فراہم کردہ اسپسریوں کے علاوہ دوسری اسپسریاں آپ کے آلے کے ساتھ غیرمطابق ہوسکتے ہیں۔

سم کارڈ اور بیٹری نصب کریں

جب آپ سیلولر خدمت پر رکنیت حاصل کریں تو آپ رکنیت شازی شناخت موڈ، سبسکرائبر کی شناخت کے ماڈیول (سم) کارڈ، مع رکنیت سازی تفصیلات جیسا کہ ذاتی شناحت نمبر (PIN) اور اختیاری خدمات حاصل کریں گے۔

سم کارڈ اور بیٹری تنصیب کرنے کے لیے

1 اگر آلہ آن ہو تو دبائیں اور تھامیں [⏻] اور منتخب کریں **ہاں** اسے بند کرنے کے لئے۔

2 پچھلا کور ہٹائیں۔



پچھلا کور نکالنے وقت دھیان دیں کہ آپ کے ناخن خراب نہ ہوں۔

3 سم کارڈ داخل کریں۔



- سنہری رنگ کے رابطوں کا رخ اوپر کی طرف رکھتے ہوئے فون میں سم کارڈ رکھیں۔
- اگر آپ سم کارڈ نصب نہیں کرتے، تو آپ صرف اپنے آلے کی غیرنیٹورک خدمات اور کچھ مینیو استعمال کرسکتے ہیں۔
- سم کارڈ کے خانے میں میموری کارڈ نہ لگائیں۔

بیٹری چارج کریں

پہلے مرتبہ آلہ استعمال کرنے سے قبل آپ کو بیٹری چارج کرنی چاہیئے۔

آپ آلے کو فراہم کردہ سفری اڈاپٹر کے ساتھ یا آلے کو پی سی ڈیٹا کیبل کے ذریعے پی سی سے جوڑ کر چارج کرسکتے ہیں۔

صرف سام سنگ کے منظور کردہ چارجر اور کیبل ہی استعمال کریں۔ غیرمجاز چارجر یا کیبل استعمال کرنے سے بیٹریاں پھٹ سکتی ہیں یا آپ کے آلے کو نقصان پہنچ سکتا ہے۔

جب بیٹری پست ہو، آلہ تنبیہی ٹون اور پست بیٹری پیغام جاری کرتا ہے۔ بیٹری شبیہ خالی اور جھپکتی بھی رہے گے۔ اگر بیٹری کی سطح بہت زیادہ پست ہو جائے تو آلہ خود بخود آف ہو جائے گا۔ آلے کے استعمال کو جاری رکھنے کے لئے اپنی بیٹری دوبارہ چارج کریں۔

4 بیٹری داخل کریں۔



5 پچھلا کور ہٹائیں۔



سفری اڈاپٹر کے ذریعے چارج کریں

1 آلے کی اوپر لگے کثیر فعلی جیک کا کور کھولیں۔

2 سفری اڈاپٹر کا چھوٹا سرا جیک میں پلگ کریں۔



غیر مناسب طریقے سے سفری اڈاپٹر جوڑنے سے آلے کو شدید نقصان پہنچ سکتا ہے۔ غلط استعمال کے ذریعے پہنچنے والے نقصانات پر وارنٹی لاگو نہیں ہوتی۔

3 سفری اڈاپٹر کا بڑا سرا بجلی سونچ میں پلگ کریں۔

- جب آلہ چارج ہورہا ہو تو آپ اسے استعمال کرسکتے ہیں لیکن اس کی وجہ سے بیٹری چارج کرنے میں زیادہ وقت لگ سکتا ہے۔
- چارجنگ کے دوران آلہ گرم ہوسکتا ہے۔ یہ عام ہے اور اس کی وجہ سے آپ کے آلے کی کارکردگی یا زندگی متاثر نہیں ہونے چاہئیے۔
- اگر آپ کا آلہ درست طور پر چارج نہ ہورہا ہو تو آلے اور چارجر کو سام سنگ خدمت کے مرکز پر لے آئیں۔

4 بیٹری مکمل چارج ہونے پر (بیٹری کا آئیکن مزید حرکت نہیں کرتا)، سفری اڈاپٹر کو پہلے آلے سے اور پھر بجلی کے ساکٹ سے نکال دیں۔

ی اڈاپٹر سے منسلک ہونے کے دوران بیٹری نہ نکالیں۔ ایسا کرنے سے آلے کو نقصان پہنچ سکتا ہے۔

پی سی ڈیٹا کیبل کے ذریعے چارج کریں

چارجنگ سے پہلے یقین کرلیں کہ آپ کا پی سی آن ہے۔

1 آلے کی اوپر لگے کثیر فعلی جیک کا کور کھولیں۔

2 ی سی ڈیٹا کیبل کے ایک سرے (مائکرو یو ایس بی) کو کثیر فعلی جیک میں لگائیں۔

3 پی سی ڈیٹا کیبل کے دوسرے سرے کو پی سی کے USB پورٹ میں لگائیں۔

آپ جس قسم کا پی سی ڈیٹا کیبل استعمال کررہے ہوں، اس کے مطابق چارجنگ شروع ہونے میں کچھ وقت لگ سکتا ہے۔

4 بیٹری مکمل چارج ہونے پر (بیٹری کا آئیکن مزید حرکت نہیں کرتا)، پی سی ڈیٹا کیبل کو پہلے آلے سے اور پھر پی سی سے نکال دیں۔

میموری کارڈ داخل کریں (اختیاری طور پر)

اضافی ملٹی میڈیا فائلیں ذخیرہ کرنے کے لئے آپ کو میموری کارڈ داخل کرنے کی ضرورت ہے۔ آپ کا فون microSD™ یا microSDHC™ کارڈز قبول کرتا ہے جن کی زیادہ سے زیادہ گنجائش 16 GB ہو (اس کا انحصار میموری کارڈ کے بنانے والے اور قسم پر ہے)۔

سام سنگ میموری کارڈز کے لئے منظور کردہ صنعتی معیار استعمال کررہا ہے لیکن ہوسکتا ہے کہ کچھ برانڈ آپ کے آلے کے ساتھ مکمل طور پر مطابق نہ ہوں۔ نے والی کی ضمانت استعمال کنندہ کے اقدامات کے نتیجے میں معلومات کے ختم ہوجانے کا احاطہ نہیں کرتی۔

- آپ کے آلے میں صرف میموری کارڈ کے لئے FAT کے فائل کی ساخت کی سہولت ہے۔ اگر آپ کوئی ایسا کارڈ داخل کرتے ہیں جو مختلف فائل کی ساخت کے ساتھ فارمیٹ کیا گیا ہو، آپ کا آلہ آپ کو میموری کارڈ کو دوبارہ فارمیٹ کرنے کی درخواست کرے گا۔
- ڈیٹا مسلسل تحریر کرنے اور مٹانے سے میموری کارڈ کی زندگی کم ہو جائے گی۔

1 پچھلا کور ہٹائیں۔

2 میموری کارڈ کو اس طرح داخل کریں کہ سنہرے روابط کا رخ اوپر کی طرف ہو۔



3 کارڈ کو میموری کارڈ کے خانے میں دھکیلیں تاکہ وہ اپنی جگہ پر لاک ہو جائے۔

4 پچھلا کور ہٹائیں۔

میموری کارڈ ہٹا دیں

1 اس بات کی تصدیق کرلیں کہ آلہ اس وقت میموری کارڈ کا استعمال نہیں کررہا ہے۔

2 پچھلا کور ہٹائیں۔

3 میموری کارڈ کو آہستہ سے کھینچیں جب تک کہ وہ آلے سے الگ نہ ہوجائے۔

4 میموری کارڈ کو میموری کارڈ کے خانے سے کھینچ کر نکالیں۔

5 پچھلا کور ہٹائیں۔

میموری کارڈ کو معلومات کی منتقلی اور رسائی کے دوران مت ہٹائیں کیونکہ یہ کوائف ضائع ہونے کا باعث بن سکتا ہے اور/یا کارڈ یا آلہ کو نقصان پہنچا سکتا ہے۔

میموری کارڈ فارمیٹ کریں

اپنے میموری کارڈ کو پی سی پر فارمیٹ کرنے سے آپ کے آلے کے ساتھ غیرمطابقت واقع ہوسکتی ہے۔ میموری کارڈ کو صرف آلے پر فارمیٹ کریں۔

مینیو موڈ میں منتخب کریں **سیٹنگز** ← **میموری** ← **میموری کارڈ کی تفصیلات** ← **فارمیٹ** ← **ہاں**۔

میموری کارڈ فارمیٹ کرنے سے پہلے اپنے آلے پر ذخیرہ کردہ تمام اہم ڈیٹا کے بیک اپ نقول بنانا یاد رکھیں۔ صارف کے عملیات کی وجہ سے ہونے والے ڈیٹا کی نقصان پر بنانے والے کی ضمانت کا اطلاق نہیں ہوتا ہے۔

ہاتھ کا اسٹریپ لگائیں (اختیاری)

1 پچھلا کور ہٹائیں۔

2 ہاتھ کے اسٹریپ کے سوراخ کے ذریعے ہاتھ کے اسٹریپ کو خانے میں پروئیں اور اسے چھوٹے پروجیکشن کے اوپر لگائیں۔



3 پچھلا کور ہٹائیں۔

شروع کریں

اپنے آلے کو آن یا آف کریں

اپنے آلہ کو آن کرنے کے لیے،

1. دبائیں اور تھامیں [⏻]۔
2. اپنا PIN درج کریں اور دبائیں **ٹھیک ہے** (اگر ضروری ہو)
3. اپنے مطلوبہ زبان کا انتخاب کریں اور منتخب کریں **اگلا**۔
4. کی بورڈ کی زبانوں کا انتخاب کریں اور منتخب کریں **اگلا**۔
5. اپنے ٹائم زون کا انتخاب کریں اور منتخب کریں **اگلا**۔
6. وقت اور تاریخ کا تعین کریں اور منتخب کریں **محفوظ**۔

ے آلہ کو بند کرنے کے لئے، دبائیں اور تھامیں [⏻] اور منتخب کریں **ہاں**۔

- ان علاقہ جات میں جہاں وائرلیس آلات کا استعمال محدود ہو، جیسے کہ ہوائی جہاز اور ہسپتال سرکاری عملے کی لگائي گئی تمام تنبیہات اور ہدایات پر عمل کریں۔
- صرف اپنے آلے کی غیر نیٹورک کی خدمات استعمال کرنے کے لئے پرواز کی وضع پر تبدیل کریں۔ مینیو موڈ میں منتخب کریں **سیٹنگز** ← **پرواز کي وضع**۔

اپنے آلے کو جانیں

آلے کا لے آؤٹ

کلیدیں

کلید	فعل
پاور/لاک	آلے کو آن یا آف کریں (دبائیں اور تھامیں)؛ ٹچ اسکرین اور کلیدوں کو لاک اور انلاک کریں۔
ڈائل	کوئی کال کریں یا اسکا جواب دیں؛ آئڈل موڈ میں، اپنی کالوں اور پیغامات کے لاگ حاصل کریں۔
مینیو	اکسس مینو موڈ؛ ٹاسک مینیجر کو تمام فعال اپلیکیشنز دیکھنے کے لئے کھولیں (دبائیں اور تھامیں)؛ آئڈل موڈ یا کسی اپلیکیشن کے استعمال کرنے کے دوران، پہنچیں **سرچ** (دو بار دبائیں)۔
اختتام	کال ختم کریں؛ مینو موڈ میں، واپس آئڈل موڈ میں آئیں۔

کلید	فعل
والیوم	آلے کا والیوم ایڈجسٹ کریں۔
کیمرا	بے کار وضع میں کیمرہ آن کریں؛ کیمرہ وضع میں تصویر کھینچیں یا ویڈیو ریکارڈ کریں۔

آئڈل اسکرین

جب آلہ بے کار وضع میں ہوتا ہے، آپ کو بے کار اسکرین نظر آئے گی۔ بے کار اسکرین سے آپ اپنے آلے کی کیفیت دیکھ سکتے ہیں اور ایپلیکیشن تک رسائی کرسکتے ہیں۔

آئڈل اسکرین میں کچھ ڈیفالٹ پینلز ہیں، اور آپ آئڈل اسکرین میں نئے پینلوں کا اضافہ کرسکتے ہیں۔ ◄ صفحہ 27

بے کار اسکرین کے کسی پینل پر بائیں یا دائیں اسکرال کریں۔ آپ سیدھے بے کار اسکرین کے متعلقہ پینل پر جانے کے لئے اسکرین کے اوپری حصے پر نقطہ بھی منتخب کرسکتے ہیں۔

ظاہر کنندہ آئیکنز

ڈسپلے پر دکھائے گئے آئیکنز آپ کے خدمت فراہم کنندہ یا علاقے کے لحاظ سے مختلف ہوسکتے ہیں۔

آئیکن	تعریف
	کوئی سگنل نہیں
	سگنل طاقت
	از کی وضع فعال
	یٹ ورک کی تلاش
	GPRS نیٹ ورک جڑا ہوا ہے
	EDGE نیٹ ورک جڑا ہوا ہے
	WLANمنسلک ہوگیا
	کال مس ہوگئی
	بلوٹوتھ فعال کر دیا گیا

آئیکن	تعریف
	Bluetooth ہینڈ فری کار کٹ یا ہیڈ سیٹ جڑا ہوا ہے
	وائس کال زیر عمل ہے
	SOS پیغام فیچر فعال کیا گیا
	کال رخ موڑنا فعال کر دیا گیا
	پی سی کے ساتھ ہم وقت سازی کی جارہی ہے۔
	میموری کارڈ شامل کر دیا گیا
	یا متن یا ملٹی میڈیا پیغام
	نیا ای میل پیغام
	نیا وائس میل پیغام
	الارم فعال کر دیا گیا
	گشت (عام خدمت علاقے کے باہر)

آئیکن	تعریف
	معمولی پروفائل فعال کر دیا گیا
	خاموش پروفائل فعال کر دیا گیا
10:00	حالیہ وقت
	بیٹری طاقت سطح

شارکٹوں کا پینل

آئڈل موڈ میں اور کسی ایپلیکیشن کو استعمال کرنے کے دوران، منتخب کریں نشاندہی کرنے والے آئیکنز کے احاطہ میں شارٹ کٹ پینل کو کھولنے کے لئے۔

WLAN اور بلیو ٹوتھ کے فیچرز کو فعال اور غیر فعال کرنے کے لئے آئکنز منتخب کریں۔ آپ آلہ کی آواز آن یا آف کرسکتے ہیں اور نئے پیغامات اور خبروں کو چیک کرسکتے ہیں۔

ٹچ اسکرین استعمال کریں

آپ اپنے آلے کی ٹچ اسکرین کے ساتھ باآسانی اشیاء منتخب کرسکتے ہیں یا عملیات انجام دے سکتے ہیں۔ ٹچ اسکرین استعمال کرنے کے بنیادی عملیات سیکھیں۔

- ٹچ اسکرین کو خراشوں سے محفوظ رکھنے کے لئے تیز اوزار کا استعمال نہ کریں۔
- ٹچ اسکرین کو دوسرے برقی آلات کے قریب نہ آنے دیں۔ الیکٹروسٹیٹک ڈسچارج کی وجہ سے ممکن ہے کہ ٹچ اسکرین درست طور پر کام نہ کرے۔
- ٹچ اسکرین کو پانی کے قریب نہ آنے دیں۔ نمی میں یا پانی پڑنے کی وجہ سے ممکن ہے کہ ٹچ اسکرین درست طور پر کام نہ کرے۔

- ٹچ اسکرین کے بہترین استعمال کے لئے، اپنا آلہ استعمال کرنے سے پہلے اسکرین کی حفاظتی فلم نکال لیں۔
- آپ کی ٹچ اسکرین میں ایک ایسی تہہ ہے جو انسانی جسم کے خارج کردہ چھوٹے برقی چارج پہچان لیتی ہے۔ بہترین کارکردگی کے لیے، اپنی اگلی کے سرے سے ٹچ اسکرین کو تھپتھپائیں۔ ٹچ اسکرین تیز آوزار، جیسے کہ سٹائلس یا قلم، سے چھونے پر ردعمل کا اظہار نہیں کرے گی۔

مندرجہ ذیل عملیات کے ساتھ اپنے ٹچ اسکرین کو کنٹرول کریں:

- ٹیپ: کوئی مینیو، اختیار یا ایپلیکیشن منتخب کرنے یا کھولنے کے لئے اپنی انگلی کے ساتھ ایک دفعہ ٹیپ کریں۔
- ٹیپ کریں اور دبا کر رکھیں: پاپ اپ اختیار کی فہرست کھولنے کے لئے کسی آئیٹم کو ٹیپ کریں اور 2 سیکنڈ سے زیادہ دیر تک دبا کر رکھیں۔
- دہرا ٹیپ: فوٹو یا ویب کے صفحات دیکھنے کے دوران اندر یا باہر زوم کرنے کے لئے اپنی انگلی کے ساتھ دو دفعہ جلدی سے ٹیپ کریں۔
- وسیع حرکت کرنا: اشیاء منتخب کرنے کے لئے اپنی انگلی سے ہلکا سی چوٹ دیں اور حرکت دیں۔
- ڈریگ اور ڈراپ: کسی آئیٹم پر اپنی انگلی ٹیپ کریں اور دبا کر رکھیں اور پھر اس آئیٹم کو ہٹانے کے لئے اپنی انگلی گھسیٹیں۔
- چھونا: کسی ایپلیکیشن کو فعال کرنے کے لئے اسکرین کو جلدی سے چھوئیں۔
- ایریا زوم: اسکرین پر دوانگلیاں رکھیں اور زوم ان کرنے کے لئے انہیں علیحدہ کریں اور زوم آؤٹ کرنے کے لئے انہیں آپس میں ملائیں۔

- آلے کو کسی واضح کردہ دورانیے کے لئے استعمال نہ کرنے پر آپ کا آلہ ٹچ اسکرین بند کردیتا ہے۔ اسکرین کو آن کرنے کے لئے کوئی سی بھی کلید دبائیں۔
- آپ پیچھے کی روشنی کا وقت بھی ایڈجسٹ کرسکتے ہیں۔ مینیو موڈ میں منتخب کریں **سیٹنگز** ← **ڈسپلے اور روشنی کی سیٹنگز** ← **پیچھے کی لایٹ کا وقت**.
- بعض فہرستوں کے لئے دائیں طرف ایک اشاریہ موجود ہے۔ کسی حرف کو آہستگی سے چھوئیں ان اشیاء پر پہنچنے کے لئے جو اس حرف سے شروع ہوتی ہیں۔ فہرست میں جلد اسکرول کرنے کے لئے اپنی انگلی کو اشاریہ پر حرکت دیں۔

ٹچ اسکرین اور کلیدیں لاک یا ان لاک کریں

آپ آلے کے غیرمطلوبہ عملیات کی روک تھام کے لئے ٹچ اسکرین اور کلیدوں کو لاک کرسکتے ہیں۔

ک کرنے کے لئے دبائیں [⏻] .ک کھولنے کے لئے، دبائیں [⏻] یا مینو کی کلید اور سرمئی ونڈو کو اپنی انگلی سے کسی بھی سمت میں حرکت دیں۔

مینیوز تک رسائی کریں

اپنے آلے کے مینیو تک رسائی کرنے کے لئے،

1. آئڈل موڈ میں مینیو موڈ تک رسائی کرنے کے لئے مینیو کی کلید دبائیں۔

2 مرکزی مینیو کی کسی اسکرین تک دائیں یا بائیں اسکرال کریں

آپ سیدھے مرکزی مینیو کی اسکرین کے متعلقہ پینل پر جانے کے لئے اسکرین کے اوپری حصے پر نقطہ بھی منتخب کرسکتے ہیں۔

3 کوئی مینیو یا ایپلیکیشن منتخب کریں۔

4 دبائیں [ ] خالی موڈ پر پلٹنے کے لیے۔

- آپ کے آلے میں اندرونی ساختہ حرکت کا سنسر ہے جو اس کی سمت پہچانتا ہے۔ اگر آپ کچھ فیچر استعمال کرنے کے دوران آلے کو گھماتے ہیں تو انٹرفیس خود بخود لینڈاسکیپ ویو پر تبدیل ہوجاتا ہے۔ آپ کے آلہ کو گھمانے کی صورت میں انٹر فیس کو ساخت پر برقرار رکھنےکے لئے، منتخب کریں **سیٹنگز** ← **جرنل** ← **اشاراتی حرکات** ← **تعارف** ← **سمت بندی تبدیل کریں**۔
- آلے کو استعمال کرتے دوران، آپ مینو اور لاک کلیدوں کو پے در پے دباتے ہوئے [ ] اسکرین کی شبیہ کھینچ سکتے ہیں۔ شبیہ محفوظ ہوگی **میری فائلیں** ← **تصویر**۔

مینیو موڈ میں ایپلیکیشنز کو منظم کریں

آپ مینو موڈ میں ایپلیکیشنز کی منظوری ان کی ترتیب تبدیل کرکے یا اپنی ضروریات اور ترجیحات کے مطابق زمروں میں گروپ کر کے دوبارہ منظم کرسکتے ہیں۔

1 آئڈل موڈ میں مینیو موڈ تک رسائی کرنے کے لئے مینیو کی کلید دبائیں۔

2 منتخب کریں **تبدیلی** اسکرین کے بالائی دائیں جانب۔

3 کسی ایپلیکیشن کو دبائیں اور تھامیں، اور جس مقام پر آپ چاہتے ہیں حرکت دیں۔

آپ کسی ایپلیکیشن کے آئیکن کو دوسرے مرکزی مینیو کے اسکرین پر لے جاسکتے ہیں۔ آپ اکثر استعمال ہونے والی ایپلیکیشنز کو نچلی قطار پر تبدیل کرسکتے ہیں۔ مرکزی مینیو کی اسکرین پر کسی ایپلیکیشن کو نچلی قطار پر حرکت دیں، اور کوئی ایپلیکیشن جسے آپ آئڈل موڈ براہ راست میں استعمال کرنا چاہتے اسے نچلی قطار پر حرکت دیں۔

4 منتخب کریں **ٹھیک ہے** اسکرین کے بالائی دائیں جانب۔

نئی مین مینو اسکرینوں کا اضافہ کریں

1 آنڈل موڈ میں مینیو موڈ تک رسائی کرنے کے لئے مینیو کی کلید دبائیں۔

2 منتخب کریں **تبدیلی** اسکرین کے بالائی دائیں جانب۔

3 آلے کو لینڈاسکیپ منظر پر گھمائیں۔

4 منتخب کریں + ایک نئی مرکزی مینو اسکرین کا اضافہ کرنے کے لئے۔
آپ 10 اسکرینوں تک رکھ سکتے ہیں۔

منتخب کریں⊖ کسی اسکرین کو مرکزی مینو سے مٹانےکےلئے۔

5 آلے کو پورٹریٹ منظر پر گھمائیں۔

6 منتخب کریں **ٹھیک ہے** اسکرین کے بالائی دائیں جانب۔

اپلیکیشنز کو چلانا اور منظم کرنا

متفرق ایپلیکیشنز چلائیں

آپ کا آلہ آپ کو ایک وقت میں متعدد اضافی اپلیکیشنز چلا کر ملٹی ٹاسک کرنے دیتا ہے۔

متفرق اپلیکیشنز چلانے کے لئے، مرکزی مینو پر جانے کے لئے مینیو کی کلید دبائیں اور چلانے کے کسی اپلیکیشن کا انتخاب کریں۔

ٹاسک مینیجر کا استعمال کریں

آپ ٹاسک مینیجر کو استعمال کرتے ہوئے متفرق اپلیکیشنز کا نظم و نسق کرسکتے ہیں۔ ٹاسک مینیجر کو چلانے کے لئے،

1 مینیو کی کلید دبائیں اور تھامیں فعال اپلیکیشنز کے آئیکنز ظاہر ہوجائیں گے۔

2 فعال ایپلیکیشنز کو ذیل میں بیان کردہ طریقہ کی طرح قابو کریں:

- ایپلیکیشنز کے درمیان تبدیلی کے لئے، کسی فعال ایپلیکیشن کا آئکن منتخب کریں۔
- کسی ایپلیکشن کو بند کرنے کے لئے،منتخب کریں ⊖۔
- تمام فعال ایپلیکیشنز کو بند کرنے کے لئے، منتخب کریں **تمام ایپلیکیشن ختم**۔

وڈجیٹ استعمال کریں

وڈجیٹ وہ چھوٹی ایپلیکیشنز ہیں جو کہ آئڈل اسکرین پر مناسب افعال اور معلومات فراہم کرتی ہیں۔

- آپ کے کچھ وڈجیٹ ویب خدمات تک جڑتے ہیں ویب پر مبنی وڈجیٹ کا انتخاب اضافی چارجز کا باعث بن سکتا ہے۔
- دستیاب وڈجیٹ آپ کے خدمت فراہم کنندہ یا علاقے کے لحاظ سے مختلف ہوسکتے ہیں۔

❯ وڈجیٹ ٹول بار کھولیں

وڈجیٹ ٹول بار کھولنے اور وڈجیٹ تک رسائی کے لئے،

1 خالی موڈ میں منتخب کریں اسکرین کے نچلے بائیں کونے پر موجود **وڈجیٹ** وڈجیٹ ٹول بار کھولنے کے لئے۔

2 وڈجیٹ سے لاتعلقی کا مطالعہ کریں اور منتخب کریں **قبول** (اگر ضروری ہو)۔

3 بے کار اسکرین کے کسی پینل پر بائیں یا دائیں اسکرال کریں۔

4 جس وڈجیٹ کو آپ استعمال کرنا چاہتے ہیں اس کو تلاش کرنے کے لئے وڈ جیٹ ٹول بار میں دائیں بائیں حرکت کریں۔

5 وڈجیٹ کا آئڈل اسکرین میں اضافہ کریں۔

6 منتخب کریں **ٹھیک ہے** اسکرین کے بالائی بائیں جانب وڈ جیٹ ٹول بار کو بند کرنے کے لئے۔

7 کسی وڈجیٹ کو دوبار وڈجیٹ ٹول بار پر واپس لانے کے لئے، وڈجیٹ کو آہستگی سے دبائیں اور تھامیں جب تک کہ پیلا فریم ظاہر نہ ہوجائے اور وڈ جیٹ ٹول بار میں حرکت دیں۔

ویب پر منحصر وڈ جیٹ کا نظم و ضبط کرنا

ویب سروسز سے منسلک ہونے اور ڈاؤن لوڈ شدہ وڈجیٹ کو دیکھنے کے لئے آپ وڈ جیٹ پروفائل کا انتخاب کرسکتے ہیں۔

مینیو موڈ میں منتخب کریں **سیٹنگز** ← **مینیو اور وجیٹ** ← **وڈجیٹ**۔

اپنے آلے کو ذاتی بنائیں

اپنی پسند کے مطابق ذاتی بنا کر اپنے آلے سے بھر پور فائدہ حاصل کریں۔

بے کار اسکرین پرنٹے پینل کا اضافہ کریں

آپ اپنی ترجیحات اور ضروریات کے مطابق وڈجیٹ منظم کرنے کے لئے بے کار اسکرین پر نئے پینلوں کا اضافہ کرسکتے ہیں۔

1 آنٹل موڈ میں، منتخب کریں **وڈجیٹ** اسکرین کے بالائی دائیں جانب۔

2 آلے کو لینڈاسکیپ منظر پر گھمائیں۔

3 منتخب کریں + بے کار اسکرین پرنٹے پینل کا اضافہ کرنے کے لئے۔

آپ 10 پینلوں تک رکھ سکتے ہیں۔

منتخب کریں ⊖ کسی پینل کو مرکزی مینو سے مٹانے کےلئے۔

4 آلے کو پورٹریٹ منظر پر گھمائیں۔

5 منتخب کریں **ٹھیک ہے** اسکرین کے بالائی دائیں جانب۔

حالیہ تاریخ اور وقت سیٹ کریں

1 مینیو موڈ میں منتخب کریں **سیٹنگز** ← **وقت تاریخ**۔

2 ٹائم زون کا اختیار اور ٹائم زون منتخب کریں۔

3 موجودہ وقت اور تاریخ درج کریں، اور وقت اور تاریخ کی تشکیل کا تعین کریں۔

4 منتخب کریں **واپس**۔

کلیدی ٹون کا والیوم ترمیم کریں

1 بے کار وضع میں والیوم کلید کو اوپر یا نیچے دبائیں۔

2 والیوم کلید کی ٹون کو والیوم کی کلید دبا کر یا سلائڈر کو حرکت دے کر ترمیم کریں۔

خاموش لائن پروفائل پر تبدیل کریں

مینیو موڈ میں منتخب کریں **کبی پیڈ** اور پھر دبائیں اور تھا میں رکھیں # اپنے آلہ کی آوازبند کرنے اور کھولنے کے لئے۔

آواز پروفائل سیٹ اپ کریں

آپ موجودہ آواز کی پروفائل میں اپنی پسند کے مطابق تبدیلی کرکے یا کسی اور آواز کی پروفائل پر منتقل ہوکر اپنے آلے کی آواز میں تبدیلی کرسکتے ہیں۔ کوئی پروفائل مقرر کرنے کے لئے،

1 مینیو موڈ میں منتخب کریں **سیٹنگز** ← **ساؤنڈ پروفائلز**۔

2 اپنے زیر استعمال پروفائل منتخب کریں۔

3 آنے والی کالوں، آنے والے پیغامات اور آلہ کی دیگر آوازوں کے لئے اپنی پسند کے مطابق آواز کے اختیارات میں تبدیلی کریں۔ ◄ صفحہ 111

منتخب کردہ پروفائل پر انحصار کرتے ہوئے دستیاب آواز کے اختیارات مختلف ہوسکتے ہیں۔

4 منتخب کریں **سیٹ**۔

کسی اور پروفائل پر جانے کےلئے، اس پروفائل کے بعد والا چیک بکس منتخب کریں اور پھر **سیٹ**۔

بے کار اسکرین کے لئے وال پیپر منتخب کریں

1 مینیو موڈ میں منتخب کریں **سیٹنگز** ← **ڈسپلے اور روشنی کی سیٹنگز** ← **وال پیپر**۔

2 کوئی امیج منتخب کریں۔
تصویروں کے فولڈر میں سے کسی تصویر کا انتخاب کرنے کےلئے، فولڈر کا انتخاب کریں۔

3 منتخب کریں **سیٹ** ← **سیٹ**۔

سام سنگ آپ کے آلے پر فراہم کردہ ڈیفالٹ امیج یا وال پیپر کے استعمال کے لئے ذمہ دار نہیں ہے۔

ڈسپلے کا اجلاپن سیٹ کریں

1 مینیو موڈ میں منتخب کریں **سیٹنگز** ← **ڈسپلے اور روشنی کی سیٹنگز**۔

2 سلائڈر کو حرکت دیں **چمک** برائٹ نیس کی سطح میں ترمیم کریں۔

3 منتخب کریں **سیٹ**۔

ڈسپلے کے اجلے پن کی سطح آلے کے بیٹری کی قوت استعمال کرنے کی رفتار پر اثرانداز ہوگی۔

اپنے آلہ کو لاک کریں

آپ آلہ کا پاس ورڈ فعال کرکے اپنے آلہ کو لاک کرسکتے ہیں۔

1 مینیو موڈ میں منتخب کریں **سیٹنگز** ← **سیکیورٹی**۔

2 منتخب کریں **فون لاک**۔

3 نیا 4 تا 8 عددی پاس ورڈ داخل کریں اور دبائیں **ٹھیک ہے**۔

4 دوبارہ نیا پاس ورڈ داخل کریں اور دبائیں **ٹھیک ہے**۔

پہلی مرتبہ آپ کسی ایسے مینیو پر رسائی کرتے ہیں جس کے لئے پاس ورڈ کی ضرورت ہو، آپ کو آپ کا فون پاس ورڈ بنانے اور تصدیق کرنے کا لقمیا دیتا ہے۔

ایک مرتبہ آلہ کا لاک فعال کردینے کے بعد، آپ کو ہر مرتبہ آلہ کو آن کرنے یا ٹچ اسکرین کو ان لاک کرنے پر لازمی پاس ورڈ کا اندراج کرنا پڑے گا۔

- اگر آپ اپنا پاس ورڈ بھول جائیں تو اپنے آلے کو ان لاک کرنے کے لئے کسی سام سنگ کے مرمت کے مرکز پر لے آئیں۔
- سام سنگ غیرقانونی سافٹ وئیر کی وجہ سے ہونے والے پاس ورڈ یا نجی معلومات کے زیان یا دوسرے نقصانات کا ذمہ دار نہیں ہے۔

سم کارڈ لاک کریں

آپ اپنے سم کارڈ کے ساتھ فراہم کردہ PIN فعال کرکے اپنے آلے کو لاک کرسکتے ہیں۔

1 مینیو موڈ میں منتخب کریں **سیٹنگز** ← **سیکیورٹی**۔

2 منتخب کریں **پن لاک**۔

3 اپنی سم کے ساتھ فراہم کردہ PIN درج کریں اور منتخب کریں **ٹھیک ہے**۔

PIN لاک کے اہل ہونے کے بعد، آپ کو ہر بار آلہ آن کرنے پر PIN درج کرنے کی ضرورت ہے۔

- اگر آپ کئی دفعہ غلط PIN درج کرلیں تو آپ کا سم کارڈ بلاک کردیا جائے گا۔ آپ کو سم کارڈ کو ان بلاک کرنے کے لئے PIN ان لاک کرنے کی کلید (PUK) درج کرنے کی ضرورت ہے۔
- اگر آپ غلط PUK درج کرکے اپنے سم کارڈ کو بلاک کرلیں تو کارڈ کو ان بلاک کرنے کے لئے اپنے خدمت فراہم کنندہ کے پاس لے آئیں۔

موبائل ٹریکر فعال کریں

جب بھی کوئی آپ کے فون میں نیا SIM کارڈ لگاتا ہے، موبائل ٹریکر آپ کے فون کو تلاش کرنے اور بازیافت کرنے میں مدد فراہم کرنے کے لئے خودبخود رابطے کا نمبر مشخص کردہ وصول کنندگان کو بھیجے گا

فیچر کو استعمال کرنے کے لئے، آپ کو سام سنگ اکاؤنٹ کی ضرورت ہے تاکہ آلہ کو ویب کی مدد سے دوری کے باوجود کنٹرول کیا جاسکے۔

1 مینیو موڈ میں منتخب کریں **سیٹنگز** ← **سیکیورٹی**۔

2 منتخب کریں **موبائل ٹریکر**۔

3 اپنا پاس ورڈ داخل کریں اور منتخب کریں **ٹھیک ہے**۔

4 جاری رکھنے کے لئے **ٹھیک ہے** منتخب کریں۔

5 اپنے سام سنگ اکاؤنٹ کا ای میل اور پاس ورڈ درج کریں اور منتخب کریں **سائن-ان کریں**۔

سام سنگ اکاؤنٹ بنانے کے لئے، منتخب کریں **اب سائن کریں**۔

6 منتخب کریں **وصول کنندگان** وصوکنندہ فہرست کھولنے کے لئے۔

7 ملک کے کوڈ کے ساتھ فون نمبر درج کریں (بمعہ**+**)۔

8 جب آپ وصول کنندگان کی سیٹنگ کمل کرلیں تو منتخب کریں **ٹھیک ہے**۔

9 منتخب کریں **بھیجنے والا** اور بھیجنے والے کے نام کا اندارج کریں۔

10 منتخب کریں **محفوظ** ← **قبول**۔

گم شدہ آلے کو بھی ویب کے ذریعے کنٹرول کرسکتے ہیں۔ اس فیچر کے متعلق تفصیلی معلومات دیکھنے کے لئے http://www.samsungdive.com پر تشریف لائیں۔

متن داخل کریں

آپ مجازی کی پیڈ پر کریکٹر منتخب کرکے یا اسکرین پر لکھائی داخل کرکے متن درج کرسکتے ہیں۔

متن ان پٹ کا طریقہ تبدیل کرنا

جب آپ متنی ان پٹ کرنے والے خانہ کو ٹیپ کریں گے تو QWERTY کیپی پیڈ فالٹ طور پر ظاہر ہوجاتا ہے۔

عدد	فعل
1	چھوٹے اور بڑے حرف کے درمیان تبدیل کریں۔
2	علامت /نمبر وضع اور ABC وضع کے درمیان تبدیلی کریں۔
3	خالی جگہ داخل کریں؛ ہ یا خالی جگہ داخل کریں (دو مرتبہ دبائیں)۔
4	اپنا مداخلہ صاف کریں۔
5	نئی سطر شروع کریں۔

عدد	فعل
6	ان پٹ زبانوں میں تبدیلی کریں، کی بورڈ کی سیٹنگز تک رسائی کے لئے (دبائیں اور تھامیں)۔

تحریر کو ان پٹ کرنے کے طریقہ کار کو تبدیل کرنے کے لئے، دبائیں اور تھامیں ⊕ اور منتخب کریں **کیی بورڈ قسم** ← تحریری کو ان پٹ کرنے کا طریقہ کار۔

اختیار	فعل
کیی پیڈ	کی پیڈ پر کیریکٹرز کا انتخاب کریں۔
کی بورڈ Qwerty	QWERTY کی بورڈ پر کیریکٹرز کا انتخاب کریں۔
پوری اسکرین پر تحریر	اسکرین پر کہیں پر بھی لکھیں۔
تحریر بکس	ان پٹ بکس میں لکھیں۔

مختلف ان پٹ کے طریقہ کار استعمال کرتے ہوئے تحریر درج کریں

1 متن ان ان پٹ کا طریقہ تبدیل کرنا۔

2 متن ان پٹ موڈ تبدیل کرنا۔

3 مناسب ورچوئل کلیدوں کا انتخاب کریں اور اپنی تحریر درج کرنے کے لئے اسکرین پر لکھیں۔

کی پیڈ سے تحریر درج کرنے کےدوران، آپ در ذیل موڈ استعمال کرسکتے ہیں۔

موڈ	فعل
ABC	مناسب مجازی کلید منتخب کریں تاوقتیکہ آپ کی خواہش کے مطابق کریکٹر ڈسپلے میں ظاہر ہو۔

موڈ	فعل
T9 (پیشگی متن)	1. ABC موڈ میں، دبائیں اور تھامیں ⚙ اور منتخب کریں **پیش گوئی ٹیکسٹ**۔ 2. مکمل لفظ درج کرنے کے لئے مناسب ورچوئل منتخب کریں ایک مکمل لفظ درج کرنے کے لئے۔ 3. جب لفظ صحیح طور پر ڈسپلے ہو جائے تو منتخب کریں ⏎ وقفہ شامل کرنے کے لیے۔ اگر درست لفظ ڈسپلے نہ تو، منتخب کریں ⌄ اور دکھائی جانے والی فہرست سے متبادل لفظ منتخب کریں۔ **T9 ڈکشنری میں الفاظ کا اضافہ کرنا** اگر آپ کو متبادل الفاظوں کی فہرست میں لفظ نہ مل سکے، تو آپ T9 ڈکشنری میں لفظ کا اضافہ کرسکتے ہیں۔ منتخب کریں **الفاظ کا اضافہ** متبادل الفاظ کی فہرست کے نیچے۔

موڈ	فعل
عدد	کوئی نمبر درج کرنے کے لئے مناسب مجازی کلید منتخب کریں۔ آپ ABC اور T9 موڈ میں ورچوئل کی کو دبا اور تھام کر نمبرز درج کرسکتے ہیں۔
علامت	1. منتخب کریں ▶ یا ◀ علامات کے سیٹ تک جانے کے لئے جو آپ کو مطلوب ہے۔ 2. کوئی علامت درج کرنے کے لئے مناسب مجازی کلید منتخب کریں۔

تحریر درج کرنے کے دوران، QWERTY کی بورڈ ظاہر کرنے کے لئے آلہ کو گھمائیں۔

متن نقل کریں اور لگائیں

متن درج کرنے کے دوران آپ دوسرے ایپلیکیشنوں میں متن استعمال کرنے کے لئے نقل اور لگانے کا فیچر استعمال کرسکتے ہیں۔

1 متن کے مداخلے کا خانہدبائیں اور تھامیں جب تک کہ ظاہر ہو۔

2 منتخب کریں **انتخاب** اختیار کی فہرست سے۔

3 اپنی انگلی کو متن کے گرد حرکت دیں۔
آپ جس لفظ کو سرخی بنانا چاہتے ہیں اسے دو مرتبہ دبا بھی سکتے ہیں۔

4 منتخب کریں **کاپی** یا **کاٹیں** نقل کرنے اور چسپاں کرنے کے لئے،یا کاٹنے اور چسپاں کرنے کے لئے۔

5 کسی دوسرے ایپلیکیشن میں متن کے مداخلے کا خانہ ٹیپ کریں اور دبا کر رکھیں۔

6 منتخب کریں **جوڑ دیں** کلپ بورڈ سے متن کو متن کے خانے میں جوڑنے کے لئے۔

مواصلت

کال کی جارہی ہے

کال کے فنکشنز استعمال کرنا سیکھیں، جیسے کہ کال کرنا اور کال کا جواب دینا، کال کے دوران دستیاب اختیارات استعمال کرنا، یا کال سے تعلق رکھنے والے فیچر ذاتی بنانا اور استعمال کرنا سیکھیں۔

کال کرنا اور کال کا جواب دینا

آپ کال کرنے، قبول کرنے، منقطع کرنے یا منع کرنے کے لئے بٹنوں یا ٹچ اسکرین کا استعمال کرسکتے ہیں۔

کال کریں

1 مینیو موڈ میں **کیی پیڈ** منتخب کریں اور کوئی علاقے کا کوڈ اور فون نمبر درج کریں۔

2 دبائیں [ ] کال کرنے کے لیے۔

3 کال ختم کرنے کے لیے دبائیں [ ]۔

- اپنے اکثر ڈائل کئے جانے والے نمبروں کو محفوظ کرنے کے لئے فون بک استعمال کریں۔ ◀ صفحہ 75
- اپنے ملائے ہوئے حالیہ نمبروں کو دوبارہ ملانے کے لئے کال کے لاگ تک جلد رسائی کی خاطر دبائیں [ ] ← **کال**۔

کال کا جواب دیں

1 کال آنے پر دبائیں [ ]۔

جب آلہ بج رہا ہو، تو آواز کی درستگی کے لئے آواز کی کلید دبائیں، یا بجنے کی آواز کو بند کرنے کےلئے آواز کی کلید کو دبائیں اور تھامیں رکھیں۔

2 کال ختم کرنے کے لیے دبائیں [ ]۔

کال منع کریں

کال آنے پر دبائیں [ ] کال کرنے والے کو مصروفیت کی ٹون سنائی دے گی۔

- خود کار طور پر آنے والی کالوں کو منقطع کرنے کے لئے آپ نمبروں کی فہرست کا تعین کرسکتے ہیں۔
  ◄ صفحہ 39
- آنے والی کالوں کو منقطع کرنے پر آپ ایک پیغام بھیج سکتے ہیں۔

بین الاقوامی نمبر پر کال کریں

1 مینیو میں منتخب کریں**کیی پیڈ** اور چھوئیں اور دبائیں **0 +** کا نشان داخل کرنے کے لئے۔

2 مکمل نمبر درج کریں جسے آپ ڈائل کرنا چاہتے ہیں (ملک کا کوڈ، ایریا کوڈ اور فون نمبر) اور پھر دبائیں [ ] نمبر ڈائل کرنے کے لئے۔

ہیڈسیٹ استعمال کریں

فراہم کردہ ہیڈسیٹ کو آلے میں لگا کر آپ کال کرسکتے ہیں اور کالوں کا جواب دے سکتے ہیں:

- ی کال دوبارہ ڈائل کرنے کے لئے ہیڈسیٹ کلید دو دفعہ دبائیں۔
- کال کا جواب دینے کے لیے ہیڈسیٹ کلید دبائیں۔
- کال منقطع کے لئے ہیڈسیٹ کلید دبائیں۔

فراہم کردہ ہیڈسیٹ صرف آپ کے آلے کے لئے بنایا گیا ہے اور ہوسکتا ہے کہ دوسرے فون اور MP3 پلئیر کے ساتھ کام نہ کرے۔

وائس کال کے دوران اختیارات استعمال کریں

کسی کال کے دوران آپ مندرجہ ذیل اختیارات استعمال کرسکتے ہیں:

- آواز کے والیوم کو تبدیل کرنے کے لئے والیوم کلید کو اوپر یا نیچے دبائیں۔
- کال کو ہولڈ پر رکھنے کے لئے منتخب کریں **ہولڈ**۔ ہولڈ پر رکھی گئی کال بازیافت کرنے کے لئے منتخب کریں **غیر معلق**۔

- اسپیکرفون فیچر فعال کرنے کے لئے منتخب کریں **اسپیکر**۔

شور و غل کے ماحولوں میں آپ کو اسپیکرفون کا فیچر استعمال کرتے ہوئے کال سننے میں دشواری پیش آسکتی ہے۔ بہتر آڈیو کارکردگی کے لئے فون کا عام موڈ استعمال کریں۔

- مائکروفون بند کرنے کے لئے تاکہ دوسرا فریق آپ کو سن نہ سکے، منتخب کریں **آواز بند**۔
- ہیڈسیٹ کے ذریعے دوسرے فریق کی بات سننے اور اس سے گفتگو کرنے کے لئے منتخب کریں **ہیڈ سیٹ**۔
- دوسری کال ڈائل کرنے کے لئے، پہلی کال کو ہولڈ پر لگائیں اور پھر نیا نمبر ڈائل کریں۔
- رے کال کا جواب دینے کے لئے، پہلی کال کو ہولڈ پر رکھیں اور پھر **قبول** کا انتخاب کریں۔ یہ فیچر استعمال کرنے کے لئے کال کے انتظار کی خدمت پر اشتراک کرنا ضروری ہے۔
- دونوں کالوں کے درمیان تبدیل کرنے کے لئے **تبدیل** منتخب کریں۔
- ہولڈ پر رکھی گئی کال کو ختم کرنے کے لئے منتخب کریں **سویپ ← کال ختم**۔
- متعدد فریق کی کال (کانفرس کال) کرنے کے لئے، دوسری کال کریں یا اسکا جواب دیں اور منتخب کریں **ملانا** جب دوسرے فریق سے رابطہ قائم ہوجائے۔ مزید فریقین شامل کرنے کے لئے دہرائیں۔ یہ فیچر استعمال کرنے کے لئے آپ کو متعدد فریق کے کال کی خدمت پر لازمی دستخط کرنے چاہیئیں۔
- حالیہ فریق کو ہولڈ پر رکھے گئے فریق سے جوڑنے کے لئے،منتخب کریں ••• ← **ٹرانسفر**۔ آپ کا رابطہ منقطع ہوجائیگا۔

مسڈ کالیں دیکھیں اور ڈائل کریں

آپ کا آلہ نہ موصول کی جانے والی کال کی شبیہ دکھائے گا (↙) جب آپ کے پاس ایسی کالیں ہوں جنھیں آپ نے موصول نہ کیا ہو۔

شارٹ کٹ کا حصہ کھولیں اور نہ موصول کی گئی کال کا انتخاب کریں۔ کال لاگ سے کال کا انتخاب کریں اور ڈائل کرنے کےلئے **[ ]** دبائیں۔

اضافی فیچر استعمال کریں

آپ کال سے تعلق رکھنے والے مختلف فیچر استعمال کرسکتے ہیں، جیسے کہ آٹو منع، فکسڈ ڈالنگ نمبر (FDN) وضع، یا کال کی منتقلی یا بندش۔

آٹو منع سیٹ کریں

آٹو منع استعمال کرکے خودکار طور پر مخصوص نمبروں سے آنے والی کالوں کو منع کریں۔ آٹو منع کو فعال کرنے اور منع کرنے کی فہرست سیٹ اپ کرنے کے لئے،

1 مینیو میں منتخب کریں **سیٹنگز** ← **ایپلیکیشنز** ← **کال** ← **تمام کالیں** ← **آٹو منع کرنا**۔

2 منتخب کریں **تخلیق**۔

3 ایک اختیار منتخب کریں **ملانے کا طریقہ** کے تحت (اگر ضروری ہو)۔

4 نمبر داخل کرنے کے خانہ کا انتخاب کریں اور مسترد کرنے کے لئے کسی نمبر کا اندراج کریں، اور منتخب کریں **محفوظ**۔

5 مزید نمبروں کا اضافہ کرنے کے لئے اوپر دئیے گئے مراحل 2-4 دہرائیں۔

6 منتخب کریں **واپس**۔

جعلی کال کریں

اگر آپ میٹنگز یا غیرمطلوبہ بات چیت سے بچنا چاہتے ہیں تو آپ آنے والی کالوں کو سیمولیٹ کرسکتے ہیں۔

جعلی کالیں کرنے کی خاطر، ہاٹ کی کو چالو کرنے کےلئے، مینو موڈ میں منتخب کریں **سیٹنگز** ← **ایپلیکیشنز** ← **کال** ← **جعلی کال** ← **نقلی کال کی ہاٹ کیی** ← **محفوظ**۔

جعلی کال کرنے کے لئے، بے کار وضع میں والیوم کلید نیچے کی جانب دبائیں اور تھامیں مقرر کردہ وقت کے بعد جعلی کال آئیگی۔

آپ جعلی کالوں سے پہلے تاخیر کے وقت کو تبدیل کرسکتے ہیں۔ مینیو موڈ میں منتخب کریں **سیٹنگز** ← **ایپلیکیشنز** ← **کال** ← **جعلی کال** ← **بناوٹی کال ٹائمر**۔

آپ کسی ریکارڈ شدہ آواز کو چلا کر جعلی کالوں کو مزید حقیقی بناسکتے ہیں۔ وائس ریکارڈ کرنے کے لئے،

1 مینیو موڈ میں منتخب کریں **سیٹنگز** ← **ایپلیکیشنز** ← **کال** ← **جعلی کال**۔

2 منتخب کریں **نقلی کال کی آواز استعمال کریں** ← **وائس رکارڈ کریں**۔

3 ریکارڈنگ شروع کرنے کے لئے ● منتخب کریں۔

4 مائیکروفون میں بولیں۔

ریکارڈنگ کے دوران منتخب کریں ❙❙ روکنے اور منتخب کرنے کے لئے ● دوبارہ چلانے کےلئے۔

5 مکمل کرلیں تو منتخب کریں ■ یا **محفوظ**

6 منتخب کریں **محفوظ**

آپ کال کرنے والی کی آئی ڈی یا کال کرنے والے کانام یا نمبر ظاہر کرنے کےذریعے جعلی کالوں کو مزید حقیقی بناسکتے ہیں۔

1 مینیو موڈ میں منتخب کریں **سیٹنگز** ← **ایپلیکیشنز** ← **کال** ← **جعلی کال**۔

2 منتخب کریں **نام** یا **نمبر**۔

3 کوئی نام اور نمبر درج کریں اور **واپس** منتخب کریں۔

4 منتخب کریں **نقلی کال کرنے والے کی تصویر**۔

5 منتخب کریں شبیہ کی فیلڈ ← کوئی اختیار۔

6 فولڈر میں سےکسی شبیہ کا انتخاب کرکے یا کوئی نئی شبیہ بناکر ایک شبیہ کا اضافہ کریں اور منتخب کریں **واپس**۔

7 منتخب کریں **محفوظ**

فکسڈ ڈائلنگ نمبر (FDN) موڈ استعمال کریں۔

FDN موڈ میں آپ کا آلہ SIM کارڈ میں ذخیرہ کردہ نمبروں کے علاوہ تمام نمبروں پر کی جانے والی کالوں پر پابندی عائد کرے گا۔ FDN موڈ کو استعمال کرنے کے لئے آپ کو پہلے اپنے فون میں FDN کی فہرست کا تعین کرنا چاہیئے۔ FDN وضع فعال کرنے کے لئے،

1 مینیو موڈ میں، منتخب کریں **سیٹنگز** ← **سیکیورٹی** ← **پکا ڈائیل کرنے کا موڈ**۔

2 اپنی سم کے ساتھ فراہم کردہ PIN2 درج کریں اور منتخب کریں **ٹھیک ہے**۔

کال کا رخ تبدیل کرنے کا انتخاب کریں

کال آگے بڑھانا نیٹورک کا ایک فیچر ہے جس کے ذریعے آنے والی کالیں آپ کے واضح کردہ کسی دوسرے نمبر پر بھیجی جاتی ہیں۔ آپ ایسی کئی صورت حالوں کے لئے اس فیچر کو علیحدہ طور پر سیٹ کرسکتے ہیں جب آپ کالوں کا جواب نہ دے پائیں، جیسے کہ جب آپ پہلے ہی فون پر بات کررہے ہوں، یا جب آپ کوریج کے علاقے سے باہر ہوں۔

1 مینیو موڈ میں منتخب کریں **سیٹنگز** ← **ایپلیکیشنز** ← **کال** ← **وائس کال** ← **ان کمنگ آگے منتقل**۔

2 کوئی صورت حال منتخب کریں۔

3 منتخب کریں **فعال**۔

4 منتخب کریں **کی طرف منتقلی** ← **رابطے** کسی رابطہ کا اضافہ کرنے یا کوئی نمبر درج کرنے کے لئے جس کی جانب کالیں بھیجی جائیں گی۔
نیٹورک پر آپ کی سیٹنگ کو ارسال کردیا جائے گا۔

کال روک سیٹ کریں

کال روک نیٹورک کا ایک ایسا فیچر ہے جس کے ذریعے مخصوص اقسام کی کالوں کو محدود کیا جاسکتا ہے یا دوسروں کو آپ کے آلے سے کال کرنے سے روکا جاسکتا ہے۔

1 مینو موڈ میں منتخب کریں **سیٹنگز** ← **ایپلیکیشنز** ← **کال** ← **وائس کال** ← **کال بارنگ**۔

2 محدود کرنے کے لئے کوئی کال کی قسم منتخب کریں۔

3 منتخب کریں **فعال**۔

4 کال روک کا پاس ورڈ درج کریں اور منتخب کریں **ٹھیک ہے**۔
نیٹورک پر آپ کی سیٹنگ کو ارسال کردیا جائے گا۔

کال انتظار سیٹ کریں

کال انتظار ایک ایسا نیٹورک فیچر ہے جو دوسری کال کے دوران آپ کو آنے والی کال کی تنبیہہ دیتا ہے۔

1 مینیو موڈ میں منتخب کریں **سیٹنگز** ← **ایپلیکیشنز** ← **کال** ← **وائس کال** ← **کال منتظر ہے**۔

2 منتخب کریں **فعال**۔
نیٹورک پر آپ کی سیٹنگ کو ارسال کردیا جائے گا۔

لاگس

اپنی ڈائل کردہ، موصول کردہ یا غیر وصول کردہ کالوں اور اپنے بھیجے گئے پیغامات یا موصول کردہ پیغامات کے لاگ کو دیکھنے اور انکے نظام کا طریقہ سیکھیں۔

کال اور پیغامات کے لاگ دیکھیں

آپ کے کال اور پیغامات کے لاگ کو ان کی اقسام کے مطابق فلٹرشدہ دیکھ سکتے ہیں۔

1 مینیو موڈ میں منتخب کریں **لاگز**۔

2 اسکرین کے بالائی حصہ پر لاگ کی قسم منتخب کرنے کےلئے دائیں یا بائیں جانب اسکرول کریں۔

3 کسی لاگ کی تفصیلات دیکھنے کے لئے کوئی لاگ نتخب کریں۔

تفصیل کے ویو سے آپ نمبر ڈائل کرسکتے ہیں، نمبر کو پیغام بھیج سکتے ہیں یا نمبر کو رابطے یا منع کرنے کی فہرست میں شامل کرسکتے ہیں۔

لاگ مینیجر دیکھیں

لاگ مینیجر سے آپ، ڈیٹا کی مقداریا بھیجے یا موصول کئے گئے پیغامات کی تعداد اور اپنی کالوں کا دورانیہ دیکھ سکتے ہیں۔

1 مینیو موڈ میں منتخب کریں **لاگز** ← ••• ← **لاگ مینیجر**۔

2 اس اختیار کا انتخاب کریں جو آپ چاہتے ہیں۔

اختیار	فعل
کال دورانیہ	اپنی کالوں کا ٹائم ڈیٹا دیکھیں، جیسا کے آخری کا دورانیہ اور تمام کالوں کا مجموعی دورانیہ۔
پیغام کا کاؤنٹر	اپنے بھیجے گئے یا وصول کردہ پیغامات کی تعداد دیکھیں۔
ای میل کاؤنٹر	اپنے بھیجے گئے یا وصول کردہ پیغامات کی تعداد دیکھیں۔
کال کا خرچ	اپنی کالوں کا ٹائم ڈیٹا دیکھیں، جیسا کے آخری کا دورانیہ اور تمام کالوں کا مجموعی دورانیہ۔ آپ فی یونٹ کے حساب سے رقم اور قیمت کا تعین بھی کرسکتے ہیں، یا اپنے کال کرنے کے منصوبے کے مطابق کال کی حد کو متعین کرسکتے ہیں؛ کال کا شمار کرنے والا عدم دستیاب بھی ہوسکتا ہے اس کا انحصار آپ کے SIM کارڈ پر ہے۔

آپ لاگ مینیجر میں ریکارڈ کو ری سیٹ کرسکتے ہیں۔ ہر اسکرین سے منتخب کریں **ری دوبارہ سیٹ**۔

پیغامات

متن (SMS)، ملٹی میڈیا (MMS)، یا اپنے بھیجے گئے یا موصول کردہ پیغامات دیکھنا اور منظم کرنا سیکھیں۔

اپنے مقامی خدمت کے علاقے کے باہر پیغامات بھیجنا یا موصول کرنا اضافی اخراجات کا باعث بن سکتا ہے۔ تفصیلات کے لئے اپنے خدمت فراہم کنندہ سے رابطہ کریں۔

متن پیغام بھیجیں

1 مینیو موڈ میں منتخب کریں **پیغامات** ← **کمپوز کریں**۔

2 منتخب کریں **رابطے**۔
دستی طور پر کوئی نمبر درج کرسکتے ہیں یا دوسرا اختیار منتخب کرکے حالیہ وصول کنندگان یا رابطے کے گروپس سے کوئی نمبر منتخب کرسکتے ہیں۔

3 رابطے کے برابر موجود چیک باکس منتخب کرسکتے ہیں اور منتخب کریں **اضافہ**۔

4 منتخب کریں **ٹیکسٹ کا اضافہ کرنے کے لئے ٹیپ کریں** اور۔ اپنے پیغام کا ٹیکسٹ ٹائپ کریں۔

5 منتخب کریں **بھیجنا** پیغام بھیجنے کے لئے۔

- اگر آپ فوری طور پر پیغام نہ بھیجنے کا فیصلہ کرتے ہیں، تو آپ آئندہ استعمال کے لئے اسے ڈرافٹ فولڈر میں محفوظ کرسکتے ہیں۔
- اگر آپ کے پیغام بھیجنے کے دوران کوئی خرابی رونما ہوتی ہے، تو یہ آؤٹ بکس میں محفوظ ہوجائیگا تاکہ آپ اسے دوبارہ بھیجنے کی کوشش کرسکیں۔
- کوئی بھی پیغام کامیابی سے ارسال ہونے کے بعد، سینٹ بکس میں محفوظ ہوجائیگا۔

MMS پروفائل کو مقرر کرنا

ملٹی میڈیا پیغامات بھیجنے اور موصول کرنے کے لئے، آپ کو MMS سرور سے رابطہ کرنے کے لئے کنفکشن پروفائل کو لازمی فعال کرنا چاہیئے۔ ان پروفائلز میں اضافی طور پر جو آپ کو سروس فراہم کرنے والے کی جانب سے پہلے ہی سے متعین کردی گئی ہیں، آپ اپنی کنکشن پروفائل کا اضافہ کرسکتے ہیں۔

1 مینیو موڈ میں منتخب کریں **سیٹنگز** ← **منسلکی جاری** ← **نیٹ ورک** ← **کنیکشن** ← **ہاں**۔

2 منتخب کریں **تخلیق**۔

3 کنکشن پروفائل کے لئے پیرامیٹرز میں اپنی پسند کے مطابق تبدیلی کریں۔

اختیار	فعل
نام سیٹ کریں	پروفائل کے لئے نام درج کریں۔
ایکسس نام	رسائی کے مقام کا نام درج کریں۔
تصدیق کی قسم	تصدیق کی قسم منتخب کریں۔

اختیار	فعل
استعمال کنندہ کی آئی ڈی	اپنے استعمال کنندہ کا نام درج کریں۔
پاس ورڈ	اپنا پاس ورڈ درج کریں۔
پروٹوکال	نیٹ ورک پروٹوکول کا انتخاب کریں۔
ہوم یو آر ایل	MMS سرور کا پتہ داخل کریں۔
پراکس ایڈریس	پراکسی سرور کا پتہ درج کریں۔
لنگر ٹائم (سیکینڈ)	درج کریں کہ کتنی دیر تک آلہ نیٹ ورک کی جانب سے ردعمل کا انتظار کرے گا۔
ایڈوانس سیٹینگز	IP اور DNS پتہ اور ٹریفک کلاس کو اپنی پسند کے مطابق تبدیل کریں۔

4 مکمل کرلیں تو منتخب کریں **محفوظ**

5 مینیو موڈ میں منتخب کریں **پیغامات** ← ••• ← **سیٹنگز** ← **ملٹی میڈیا پیغام** ← **ملٹی میڈیا پیغام پروفایلز**۔

6 کنکشن پروفائل کا انتخاب کریں ← **سیٹ**۔

کوئی ملٹی میڈیا پیغام بھیجیں

1 مینیو موڈ میں منتخب کریں **پیغامات** ← **کمپوز کریں**۔

2 منتخب کریں **رابطے**۔

دستی طور پر کوئی نمبر یا ای میل ایڈریس درج کرسکتے ہیں یا دوسرا اختیار منتخب کرکے حالیہ وصول کنندگان یا رابطے کے گروپس سے کوئی اور منتخب کرسکتے ہیں۔

3 رابطے کے برابر موجود چیک باکس منتخب کرسکتے ہیں اور منتخب کریں **اضافہ**۔

جب آپ کوئی ای میل ایڈریس درج کرتے ہیں، تو آلہ آپ سے پوچھے گا کہ کیا آپ کوئی ملٹی میڈیا پیغام بھیجنا چاہتے ہیں۔ منتخب کریں **ٹھیک ہے** تصدیق کرنے کے لئے۔

4 منتخب کریں **ٹیکسٹ کا اضافہ کرنے کے لئے ٹیپ کریں** اور اپنے پیغام کا ٹیکسٹ ٹائپ کریں۔

5 منتخب کریں اور فائل منسلک کریں۔
آپ فائل کی فہرست سے کوئی فائل منتخب کرسکتے ہیں یا نئی فوٹو، وڈیو یا آواز بناسکتے ہیں۔

6 منتخب کریں **بھیجنا** پیغام بھیجنے کے لئے۔

متن یا ملٹی میڈیا پیغام دیکھیں

وہ پیغامات جو آپ موصول کرتے، بھیجتے یا محفوظ کرتے ہیں تو خود سے مندرجہ ذیل پیغامات کے فولڈز میں محفوظ ہو جاتے ہیں۔

- **ان باکس**: موصول شدہ پیغامات
- **ارسال بکس**: بھیجے گئے پیغامات
- **آؤٹ باکس**: وہ پیغامات جو اس وقت بھیجے جارہے ہیں یا بھیجے جانے کا انتظار کررہے ہیں۔
- **مسودات**: وہ پیغامات جنھیں آپ نے مستقبل کے استعمال کے لئے محفوظ کیا ہے۔
- **انباکس AM**: موصول صوتی پیغامات جسے کال کرنے والے جواب دینے والی میشن کے فیچر کے لیے چھوڑتے ہیں۔

1 مینیو موڈ میں منتخب کریں **پیغامات** اور ایک بات چیت منتخب کریں۔
بائی ڈیفالٹ، آپ کے پیغامات پیغام کی بات چیت کی حیثیت سے رابطہ کے گروپ میں ہوجاتے ہیں۔ ویو کی وضع تبدیل کرنے کے لئے منتخب کریں ••• ← **فولڈر منظر**۔

2 متن یا ملٹی میڈیا پیغام منتخب کریں

پیغام کی فہرست سے مندرجہ ذیل اختیارات استعمال کریں:

- بات چیت کے منظر میں پیغامات کو دیکھنے کے لئے، منتخب کریں ••• ← **گفتگو منظر**۔
- پیغام مٹانے کے لئے منتخب کریں ••• ← **مٹانا**۔
- کسی پیغام کو جسے آپ تلاش کرنا چاہتے ہوں، منتخب کریں ••• ← **پہلے لفظ کے زریعے تلاش**۔
- کسی بنائے گئے فولڈر میں پیغام کو منتقل کرنے کے لئے، پیغام کی فہرست میں سے ••• ← **میرے فولڈر میں بھیجیں**۔

- پیغامات کے ٹمپلیٹس کو دیکھنے اور اپنے بنائے ہوئے فولڈروں تک رسائی کے لئے، منتخب کریں [•••] ← **میرے فولڈر**۔
- تمام چینلوں یا میرے چینل سے پیغام کو موصول کرنے کے لئے منتخب کریں [•••] ← **براڈکاسٹ پیغامات**۔
- سپام باکس میں پیغامات کو دیکھنے کے لئے، منتخب کریں [•••] ← **اسپام باکس**۔
- پسند کے مطابق پیغامات ترتیب دینے کے لئے منتخب کریں [•••] ← **فہرست بنائیں**۔
- کسی پیغام کے بیک اپ کے لئے، [•••] ← **متنی پیغامات بیک اپ بنائیں**۔
- پیغامات کی سیٹنگز کو ایڈجسٹ کرنے کے لئے منتخب کریں [•••] ← **سیٹنگز**۔

وائس میل پیغامات سنیں

اگر آپ نے مسڈ کالوں کو وائس میل کے سرور پر منتقل کرنے کی سیٹنگ کی ہو تو آنے والی کالوں کا جواب موصول نہ ہونے پر کال کرنے والے آپ کے آپ کے لئے وائس پیغامات چھوڑ سکتے ہیں۔

اپنے وائس میل کے ان باکس تک رسائی کرکے وائے میل پیغامات سننے کے لئے،

1. مینو موڈ میں منتخب کریں **کیی پیڈ** اور پھر دبائیں اور تھامیں **1**۔
2. وائس میل سرور کی ہدایت پر عمل کریں۔

آپ کو سرور تک رسائی کرنے سے پہلے وائس میل کے سرور کو محفوظ کرنے کی ضرورت ہے۔ آپ کا خدمت فراہم کنندہ آپ کو نمبر فراہم کرسکتا ہے۔

پیغام کے ٹمپلیٹس استعمال کریں

تحریری اور ملیٹی میڈیا ٹمپلیٹس کو جلد اور آسانی سے بنانے کے لئے نیا پیغام تریب دیں۔

متن ٹیمپلیٹ بنائیں

1. مینیو موڈ میں منتخب کریں **پیغامات**۔
2. منتخب کریں [•••] ← **میرے فولڈر** ← **ٹیمپلیٹس** ← **تخلیق**۔
3. اپنا ٹیکسٹ داخل کریں اور منتخب کریں **محفوظ**۔

تحریری، ملٹی میڈیا، یا ای میل پیغام بنانے کے دوران داخل کرنے کا اختیار استعمال کرتے ہوئے اب آپ ایک تحریری ٹمپلیٹ داخل کرسکتے ہیں۔

ملٹی میڈیا ٹیمپلیٹ بنائیں

1 مینیو موڈ میں منتخب کریں **پیغامات**۔

2 منتخب کریں ••• ← **میرے فولڈر** ← **کارڈز MMS** ← **تخلیق**۔

3 ٹیملیٹ کے طور پر استعمال کرنے کے لئے مضمون اور مطلوبہ منسلکات کے ساتھ ملٹی میڈیا پیغام بنائیں ◀ صفحہ 46

4 منتخب کریں **محفوظ**۔

اب آپ ایک نیا ملٹی میڈیا پیغام بنانے کے لئے ملٹی میڈیا ٹمپلیٹ استعمال کرسکتے ہیں۔ MMS کارڈ کی فہرست میں سے، دبائیں اور تھامیں اور منتخب کریں **بھیجنا**۔ آپ کا ٹیمپلیٹ ایک نئے ملٹی میڈیا پیغام کے طور پر کھل جائے گا

پیغامات منظم کرنے کے لئے فولڈر بنائیں

اپنی ترجیحات اور ضروریات کے مطابق پیغامات کو منظم کرنے اور فولڈر تخلیق کرنا سیکھیں۔

1 مینیو موڈ میں منتخب کریں **پیغامات**۔

2 منتخب کریں ••• ← **میرے فولڈر** ← **تخلیق**۔

3 نیا فولڈر کا نام درج کریں اور منتخب کریں **ٹھیک ہے**۔

اب آپ اپنے اہم پیغامات کو ان بکس یا سینٹ بکس سے کسی پسند کے فولڈر میں آسانی سے منظم کرنے یا حادثاتی طور پر مٹ جانے سے بچانے کے لئے تبادلہ کرسکتے ہیں۔

SOS پیغام بھیجیں

کسی ایمرجنسی کی صورت میں، آپ مخصوص وصول کنندگان کو SOS پیغام بھیج کر مدد کے لئے کہہ سکتے ہیں۔

ممکن ہے کہ آپ کے علاقے یا خدمت فراہم کنندہ کے لحاظ سے یہ خصوصیت دستیاب نہ ہو۔

1 مینیو موڈ میں منتخب کریں **پیغامات**۔

2 منتخب کریں ••• ← **سیٹنگز** ← **پیغامات SOS** ← **بھیجنے کے اختیارات**۔

3 منتخب کریں **ایس او ایس بھیج رہا ہے**۔ SOS پیغام رسانی کی خصوصیت آن کرنے کے لئے۔

4 منتخب کریں **وصول کرنے والے** وصوکنندہ فہرست کھولنے کے لئے۔

5 وصول کنندہ کا فون نمبردرج کریں لہ 9 پر چلے جائیں۔
اپنی رابطہ فہرست میں موجود کوئی نمبر منتخب کرنے کے لئے، منتخب کریں**حالیہ**، **رابطے**یا، **گروپ** اور پھر اگلے مرحلہ کو جاری رکھیں۔

6 کوئی رابطہ منتخب کریں اور منتخب کریں **اضافہ**۔

7 کوئی نمبر منتخب کریں (اگر ضروری ہو)

8 جب آپ وصول کنندگان کی سیٹنگ کمل کرلیں تو منتخب کریں **ٹھیک ہے**۔

9 خب کریں دہراؤ اور جتنی مرتبہ SOS پیغام دہرانا ہو اس تعداد کا **دوہرانا** کریں۔

10 منتخب کریں **سیٹ** ← **ہاں**۔

SOS پیغام بھیجنے کے لئے ٹچ اسکرین اور کلیدوں کا لاک ہونا ضروری ہے والیوم کلید چار دفعہ دبائیں۔

ای میل

اپنی ذاتی یا کمپنی ای میل اکاؤنٹ کے ذریعے ای میل پیغامات بھیجنا یا دیکھنا سیکھیں۔

ای میل اکاؤنٹ سیٹ اپ کریں

آپ کو خدمت فراہم کرنے والے کی جاب سے پہلے سے طہ کردہ ای میل اکاؤنٹ میں، آپ اپنے ذاتی ای میل اکاونٹس کا اضافہ کرسکتے ہیں۔ آپ ای میل کی خدمات استعمال کرنے کے لئے اپنی کنکشن پروفائل کا اضافہ بھی کرسکتے ہیں۔

ای میل اکاؤنٹ سیٹ اپ کریں

1 مینیو موڈ میں منتخب کریں **ای میل** ← **دوسرے**۔
کسی خاص ای میل کی خدمت کے لئے اکاؤنٹ کا تعین کرے کے لئے، سروس کا نام منتخب کریں

2 اسکرین پر چلتے ہوئے اکاؤنٹ کی سیٹنگز میں تبدیلی کریں۔

اختیار	فعل
اکاونٹ کا نام	اکاؤنٹ کے لئے نام درج کریں۔ یہ اختیار صرف ای میل اکاؤنٹ کا تعین کرتے وقت دستیاب ہے۔
ای میل ایڈریس	ای میل پتے درج کریں۔
استعمال کنندہ کا نام	اپنا استعمال کنندہ کا نام اکاؤنٹ کے لئے نام درج کریں۔
پاس ورڈ	اکاؤنٹ کے لئے پاس ورڈ درج کریں۔
سرور SMTP	SMTP سرور کا پتہ درج کریں (باہر جانے والا سرور)۔
پورٹ SMTP	SMTP سرور کا پورٹ نمبر درج کریں۔

اختیار	فعل
محفوظ کنیکشن	SMTP سرور کے لئے سیکورٹی پروٹوکول کا انتخاب کریں۔
آنے والے سرور کی قسم	آنے والے سرور کی قسم منتخب کریں (POP3 یا IMAP4)۔
سرور POP3/ سرور IMAP4	آنے والے سرور کا ای میل پتہ درج کریں۔
پورٹ POP3/ پورٹ IMAP4	آنے والے سرور کا پورٹ نمبر درج کریں۔
محفوظ کنیکشن	آنے والے سرور کے لئے سیکورٹی پروٹوکول کا انتخاب کریں۔

کوئی ای میل پروفائل منتخب کریں۔

1 مینیو موڈ میں منتخب کریں **ای میل** ← ••• ← **سیٹنگز** ← **ایی میل کی پروفائیل**۔

2 ایک پروفائل کا انتخاب کریں اور منتخب کریں **سیٹ**۔

ای میل پیغام بھیجیں

1 مینیو موڈ میں منتخب کریں **ای میل** ← ایک اکاؤنٹ ← **کمپوز کریں**۔
آپ منتخب کرسکتے ہیں **اکاؤنٹ فہرست** دیگر اکاؤنٹس دیکھنے کے لئے۔

2 منتخب کریں **رابطے**۔
دستی طور پر کوئی ای میل ایڈریس درج کرسکتے ہیں یا دیگر اختیار کا انتخاب کرکے حالیہ وصول کنندگان یا گروپس میں سے کوئی منتخب کرسکتے ہیں۔

3 سی سی/بی سی سی خانہ منتخب کریں اور مزید وصولہ کنندگان شامل کریں۔

4 مضمون کا خانہ منتخب کریں اورمضمون درج کریں۔

5 متن کے مداخلے کا خانہ منتخب کریں اور اپنے ای میل کے متن کا اندراج کریں۔

6 منتخب کریں ••• ← **آئیٹمز منسلک کریں** اور ایک فائل منسلک کریں۔
آپ فائل کی فہرست سے کوئی فائل منتخب کرسکتے ہیں یا فوٹو، وڈیو یا آواز بناسکتے ہیں۔

7 منتخب کریں **بھیجنا** پیغام بھیجنے کے لئے۔

ای میل پیغام دیکھیں

1 مینیو موڈ میں منتخب کریں **ای میل** ← کوئی کھاتہ۔

2 ان بکس میں اسکرال کریں۔

3 منتخب کریں ••• ← **ڈاؤن لوڈ**۔

4 کوئی ای میل یا سرتحریر منتخب کریں۔

5 اگر آپ نے سرنامہ منتخب کیا ہو تو منتخب کریں ••• ← **وصول کریں** ای میل کا بقیہ حصہ دیکھنے کے لئے۔

ایکسچینج سرور سے ای میل کی ہم وقت سازی کریں

ہم وقت سازی کی سیٹنگز کرنے کے بعد، آپ اپنی ای میلز کو ایکسچینج سرور سے ہم وقت سازی کرسکتے ہیں۔ ایکسچینج سرور کو درست کرنے کے لئے

1 مینیو موڈ میں منتخب کریں **ای میل** ← [•••] ← **سیٹنگز** ← **ای میل اکاونٹ** ← **نیا** ← **Exchange ActiveSync**۔

2 اسکرین پر چلتے ہوئے ایکسچنج سرور کی سیٹنگز میں تبدیلی کریں۔

اختیار	فعل
ای میل ایڈریس	ایکسچنج سرور کے لئے اپنا ای میل ایڈریس درج کریں۔
استعمال کنندہ کا نام	اپنا استعمال کنندہ کا نام ایکسچنج سرور کے لئے درج کریں۔
پاس ورڈ	ایکسچنج سرور کے لئے پاس ورڈ درج کریں۔
ڈومین	اپنے ای میل ایڈریس کا ڈومین درج کریں۔
سرور یو آر ایل	ایکسچنج سرور کا URL درج کریں۔
استعمال کریں SSL	SSLکے استعمال کا تعین کریں (محفوظ ساکٹ کی سطح) حفاظت کو بڑھانے کے لئے پروٹوکول۔

3 سرور کو تبدیل کرنے کے بعد، ہم وقت سازی کی اقسام سے اگلا نقطہ منتخب کریں۔

ای میل، کلینڈر کے واقعات کی ہم وقت سازی کرنے کے لئے، آپ ہم وقت سازی کے وقفہ کا تعین کرسکتے ہیں۔

اپنی ای میل کی ہم وقت سازی کرنے کے لئے،

1 مینیو موڈ میں منتخب کریں **ای میل** ← ایکسچنج سرور کا کھاتہ۔

2 منتخب کریں [•••] ← **ڈاؤن لوڈ**۔

IM

کسی بھی کانٹاتی فوری پیغام رساں کے ذریعے اپنے دوستوں اور اہل خانہ سے چیٹ کرنا سیکھیں، جیسا کے Yahoo Messenger
.

1 مینیو موڈ میں منتخب کریں **IM**۔

2 پیغام رساں منتخب کریں۔

3 اپنا یوزر نام اور پاس ورڈ درج کریں، سائن ان کرنے کے لئے۔

4 دوستوں اور اہل خانہ سے فوری چیٹ کریں۔

Palringo پیغام رساں آپ کے علاقہ یا سروس فراہم کرنے والے کی بنیاد پر فراہم کیا جاسکتا ہے۔

Social Hub

ی میل، پیغامات، فوری پیغامات یا کیلنڈر معلومات کی ضم کردہ مواصلت کی ایپلیکیشن، Social Hub™ تک رسائی کرنا سیکھیں۔ مزید تفصیلات کے لئے http://socialhub.samsungmobile.com پر تشریف لائیں۔

1 مینیو موڈ میں منتخب کریں **Social Hub**۔

2 Social Hub سے پہنچائے گئے اجزا چیک کریں اور استعمال کریں۔

تفریح

کیمرہ

فوٹو اور ویڈیوز کھینچنا اور دیکھنا سیکھیں۔ آپ 2048 x 1536 پکسل (3.2 میگا پکسل) تک کے ریزولوشن کے فوٹو اور 240 x 320 پکسل تک کے ریزولوشن کے وڈیو کھینچ سکتے ہیں۔ تصویریں jpg فارمیٹ میں اور ویڈیوز mp4 فارمیٹ میں محفوظ ہوتی ہیں۔

فوٹو کھینچیں

1 خالی موڈ میں کیمرا آن کرنے کے لیے کیمرہ کلید دبائیں۔

2 آلے کو لینڈاسکیپ منظر پر گھڑی کی مخالف سمت میں گھمائیں۔

- کیمرے کا انٹرفیس صرف لینڈاسکیپ سمت میں نظر آتا ہے۔
- اگر کیمرہ کو مخصوص دورانیے کے لئے استعمال نہ کیا جائے تو وہ خودبخود بند ہوجاتا ہے۔
- کھینچے جانے والے سین یا کھینچنے کی صورت حال کے مطابق میموری کی گنجائش مختلف ہوسکتی ہے۔

3 لینز سے مطلوبہ کا نشانہ لیں اور ضروری حد تک ایڈجسٹ کریں۔

عدد	فعل
1	کیمرہ کی کیفیت اور سیٹنگز چیک کریں۔ • : ریزولوشن • : ٹیفالٹ ذخیرے کا مقام • : آپ جتنے فوٹو کھینچ سکتے ہیں (دستیاب میموری کے مطابق)
2	کیم کارڈر پر تبدیل کریں۔

عدد	فعل
3	شوٹنگ وضع تبدیل کریں۔
4	شوٹنگ وضع تبدیل کریں۔
5	کیمرے کی سیٹنگز تبدیل کریں۔
2 منتخب کریں ••• ← **بطور** ← **وال پیپر**۔

آواز کے ٹوٹے کو رنگ ٹون سیٹ کریں

آپ آنے والی کالوں، پیغامات یا الارم کی ٹون کے لئے ساؤنڈ فولڈر میں میوزک اور آواز کے ٹوٹوں کو سیٹ کرسکتے ہیں۔

1 مینیو وضع میں منتخب کریں **میری فایلیں** ← **ساونڈ** ← کوئی آواز کا ٹوٹا۔

2 پلے بیک کے دوران منتخب کریں ••• ← **بطور** ← کوئی اختیار۔

تصویر میں تبدیلی کریں

تصویروں میں تبدیلی کریں اور مزاحیہ اثرات کا لاگو کریں۔

تصویر مطابق کریں

1 مینیو موڈ میں منتخب کریں **میری فایلیں** ← **تصویر** ←کوئی تصویر۔

2 منتخب کریں ••• ← **تبدیلی**۔

3 آلے کو لینڈاسکیپ منظر پر گھڑی کی مخالف سمت میں گھمائیں۔

یہ فیچر صرف لینڈ اسکیپ سمت میں نظر آتا ہے۔

4 منتخب کریں **ٹھیک کریں** ← کوئی ٹھیک کرنے کا اختیار (چمک/کانٹراسٹ یا رنگ)۔
تصویر کو خودکار طور پر ٹھیک کرنے کے لئے منتخب کریں **آٹو لیول**۔

5 تصویر کو مرضی کے مطابق ٹھیک کریں اور دبائیں **لگائیں**۔

6 مکمل کرلیں تو منتخب کریں **محفوظ**

7 میموری کی جگہ منتخب کریں (اگر ضروری ہو)

8 امیج کے لئی نیا فائل کا نام درج کریں اور دبائیں **ٹھیک ہے**۔

تصویریں میں اثرات کا اطلاق کریں

1 تبدیل کرنے کے لئے کوئی تصویر کھولیں۔

2 منتخب کریں **اثرات** ← کوئی اثر کا اختیار (فلٹر، سٹائیل، راپ یا تھوڑا بلر)۔

3 لگانے کے لئے اثر کی تبدیلی منتخب کریں اور منتخب کریں **لگائیں**۔
کسی تصویر کے مخصوص حصے پر دھندلا اثر لگانے کے لئے منتخب کریں **تھوڑا بلر** مستطیل کو بٹائیں یا اس کا سائز بدلیں اور منتخب کریں **لگائیں**۔

4 تبدیل کردہ تصویر کو نئے فائل کے نام کے ساتھ محفوظ کریں

نقش کو بدلیں

1 تبدیل کرنے کے لئے کوئی تصویر کھولیں۔

2 منتخب کریں **تبدیل** ← حالت تبدیل کرنے کا اختیار۔

3 امیج کو مطلوبہ طور پر تبدیل کریں۔

- تصویرکا سائز تبدیل کرنے کے لئے، اسکرول بار کو کسی سائز پر حرکت دیں اور منتخب کریں **محفوظ**۔
- کسی تصویر کو گھمانے کے لئے، کسی سمت کا انتخاب کریں ← **لگائیں**۔
- کسی تصویر کو کراپ کرنے کے لئے، مستطیل کو کراپ کے احاطہ میں حرکت دیں یا اس کا سائز بدلیں اور منتخب کریں **لگائیں**۔

4 تبدیل کردہ تصویر کو نئے فائل کے نام کے ساتھ محفوظ کریں۔

بصری خصوصیت شامل کریں

1 تبدیل کرنے کے لئے کوئی تصویر کھولیں۔

2 منتخب کریں **داخل** ← ایک تصویری فیچر کی قسم (ٹیکسٹ یا کلپ آرٹ)۔

3 متن درج کریں اور منتخب کریں **ٹھیک ہے** یا کوئی تصویری فیچر منتخب کریں۔

4 تصویری فیچر یا ٹیکسٹ کو حرکت یا دوبارہ سائز کریں اور منتخب کریں **لگائیں**۔

5 تبدیل کردہ تصویر کو نئے فائل کے نام کے ساتھ محفوظ کریں۔

سرچ

اپنے آلہ پر موجود ڈیٹا کی تلاش کرنا سیکھیں۔

1 مینیو موڈ میں **سرچ** منتخب کریں۔

2 کی ورڈ درج کریں اور منتخب کریں **تلاش**۔

3 اپنا مطلوبہ ڈیٹا منتخب کریں جس تک آپ رسائی چاہتے ہیں۔

سیٹنگز

سیٹنگز مینیو تک رسائی کریں

1 مینیو موڈ میں منتخب کریں **سیٹنگز**۔

2 کوئی سیٹنگ کا زمرہ منتخب کریں اور کسی اختیار کا انتخاب کریں۔

3 سیٹنگ کو اپنی پسند کے مطابق تبدیل کریں اور منتخب کریں **سیٹ**۔

پرواز کي وضع

اپنے آلے پر تمام وائرلیس فنکشن غیرفعال کریں۔ آپ صرف غیرنیٹورک کی خدمات استعمال کرسکتے ہیں۔

منسلکی جاری

- **بلیوٹوتھ**: بلوٹوتھ کی وضع فعال کریں فاصلہ سے معلومات کا تبادلہ کرنے کے لئے۔ ◄ صفحہ 89
- **Wi-Fi**: انٹرنیٹ سے منسلک ہونے یا دیگر نیٹ ورک آلات استعمال کرنے کے لئے WLAN کی وضع فعال کریں۔ ◄ صفحہ 93
- **سنکرونائیز**: ہم وقت سازی پروفائل سیٹ اپ کریں۔ ◄ صفحہ 86
- **لوکیشن**: GPS رابطوں سے تعلق رکھنے والی سیٹنگز کو اپنی پسند کے مطابق تبدیل کریں۔ ◄ صفحہ 96
  - **محل وقوع خدمات اہل کریں**: GPS کی مدد سے اپنے مقام کو جاننے کے لئے اس فیچر کو فعال کریں۔
  - **اعلی GPS اہل بنائیں**: اپنے GPS کے استقبالیہ کو بہتر بنانے کا تعین کریں۔
  - **نیٹ ورک پوزیشن اہل بنائیں**: مقام تلاش کرنے کے لئے اپنے ارد گرد کی AP آلات کے ذریعے تعین کریں۔

- **میرا مقام**: اپنا موجودہ مقام دیکھیں، عرض بلد، طول بلد اور بلندی کو استعمال کرتے ہوئے۔
- **پروفائلز**: GPS کے استعمال کرنے کے لئے کنکشن پروفائل منتخب کریں۔

• **نیٹ ورک**: رسائی حاصل کریں اور مندرجہ ذیل سیٹنگز کو تبدیل کریں اس پر قابو پانے کے لئے کہ کس طرح آپ کا آلہ نیٹ ورک کا انتخاب اور ان سے منسلک ہوتا ہے۔

- **نیٹ ورک تلاش کریں**: نیٹ کے انتخاب کے طریقہ کار کو از خود یا دستی طور پر متعین کریں۔
- **نیٹ ورک موڈ**: نیٹ ورک بینڈ کا انتخاب کریں۔
- **کنیکشن**: نیٹ کے فیچرز کو استعمال کرنے کے لئے کنشکن پروفائلوں کا تعین کریں۔
- **سرٹیفیکیٹ**: نیٹ ورک سروسز کے لئے درکار سندوں کو دیکھیں۔

• **ڈیٹا کا گشت**: اپنے رومنگ کرنے کے دوران ڈیٹا سروسز کے استعمال کا تعین کریں۔

• **پیکٹ ڈیٹا استعمال کریں**: نیٹ ورک سروسز کے لئے پیکٹ سوئچ ڈیٹا نیٹ ورک کی اجازت کا تعین کریں۔

• **پیکٹ ڈیٹا کاؤنٹر**: اپنے ارسال اور موصول شدہ ڈیٹا کی مقدار دیکھیں۔

• **USB**: یو ایس موڈ کو پی سی سے منسلک کرنے پر فعال کرنے کا تعین کریں۔ ◀ صفحہ 99

ساؤنڈ پروفائلز

آواز کے اختیارات کو پروفائلز میں اپنی پسند کے مطابق بنانے کے لئے آواز کی پروفائل کا انتخاب کریں، جیسا کے مطلوب ہے۔

کسی پروفائل کو اپنی پسند کے مطابق بنانے کے لئے، پروفائل منتخب کریں اور مندرجہ ذیل اختیارات کو اپنی پسند کے مطابق ڈھالیں۔

• **کال**:

- **ہوشیار کرنےکاطریقہ**: منتخب کریں کہ آنے والی کالوں پر آلہ آپ کو کس طرح خبردار کرے گا۔
- **رنگ ٹون**: گھنٹی کی ٹون کا انتخاب کریں اگر آپ آلہ کو آنے والے کالوں پر میلیوڈی چلانے کے ذریعہ خبردار کرنے کا تعین کرتے ہیں۔

- نیچے دیئے ہوئے سلائڈر کا استعمال کرتے ہوئے، تمام رنگ ٹون کے لئے آواز کی سطح ایڈجسٹ کریں۔

• **پیغام اور ای میل**:

- **پیغام کے الرٹ کی قسم**: منتخب کریں کہ آنے والے پیغامات پر آلہ آپ کو کس طرح خبردار کرے گا۔
- **پیغام کے الرٹ کی ٹون**: گھنٹی کی ٹون کا انتخاب کریں اگر آپ آلہ کو آنے والے پیغامات پر میلوڈی چلانے کے ذریعہ خبردار کرنے کا تعین کرتے ہیں۔
- **ای میل کے الرٹ کی قسم**: منتخب کریں کہ آنے والے ای میل sپیغامات پر آلہ آپ کو کس طرح خبردار کرے گا۔
- **ای میل کے الرٹ کو ٹون**: ھنٹی کی ٹون کا انتخاب کریں اگر آپ آلہ کو آنے والے ای میل پیغامات پر یلوڈی چلا کر خبردار کرنے کا تعین کرتے ہیں۔
- نیچے دیئے ہوئے سلائڈر کا استعمال کرتے ہوئے، پیغام کی رنگ ٹون کے لئے آواز کی سطح ایڈجسٹ کریں۔

• **سسٹم**: نظام کی آوازوں کے لئے آواز کی سطح ایڈجسٹ کریں۔

ڈسپلے اور روشنی کی سیٹنگز

اپنے آلے پرمنظر اور روشنی کے استعمال کو کنٹرول کرنے کے لئے مندرجہ ذیل سیٹنگز تک رسائی کریں اور انہیں تبدیل کریں۔

- **وال پیپر**: آنٹل اسکرین کے لئے پس منظرکی شبیہ منتخب کریں۔
- **تھیم**: آنٹل اسکرین کے لئے ڈاؤن لوڈ شدہ فائل منتخب کریں۔
- **لکھائی کا قسم**: فون کی طرز منتخب کریں۔
- **چمک**: ڈسپلے کا اجلاپن سیٹ کریں۔
- **پیچھے کی لایٹ کا وقت**: ڈسپلے کی پیچھے کی روشنی بند کرنے سے قبل انتظار کرنے کا دورانیہ سیٹ کریں۔

جرنل

اپنا آلہ کی عام سیٹنگز کو قابو کرنے کے لئےمندرجہ ذیل سیٹنگز تک رسائی اور ان میں تبدیلی کریں۔

- **ڈسپلے کی زبان**: آلہ کے منظر پر استعمال کرنے کے لئے زبان کا انتخاب کریں۔

- **کی بورڈ کی زبان**: کی بورڈ کے ساتھ استعمال کرنے کے لئے ان پٹ زبان منتخب کریں۔
- **اعلانات وقوعہ جات**: آنے والی ای میل، تحریری، ملٹی میڈیا اور آواز کے پیغامات اور فائلوں کا تبادلہ کرنے کےلئے خبرداری کو فعال اور غیر فعال کریں۔ آپ آنے والے پیغامات کے اجزاء ظاہر کرنے کے لئے بھی سیٹنگ کرسکتے ہیں۔
- **اشاراتی حرکات**: اپنا آلہ کی حرکات کی تصدیق کو قابو کرنے کے لئےمندرجہ ذیل سیٹنگز تک رسائی اور ان میں تبدیلی کریں۔
  - **دوبار تھپتھپانا (شارٹ کٹ)**: آلہ کو دو مرتبہ دبا کر کسی اپلیکیشن کو کھولنے کا انتخاب کریں جبکہ وہ انڈل موڈ میں ہو۔
  - **تعارف**: آلہ کو گھما کر یا ترچھا کرکے کسی اپلیکشن کو فعال کریں۔

  سمت بندی تبدیل کریں: سیٹ کریں کہ کیا آلہ کو گھمانے پر اجزا کو بھی خودکار طور پر گھمایا جائے یا نہیں۔

  اشیا جھکاؤ کی سمت میں بہتی ہیں: آلہ کو خاص سمت میں گھمانے کے ذریعے اشیاے میں اسکرول کرنے یا نہ کرنے کا تعین کریں۔
  - **الٹنے کا عمل (رسمی توقف)**: آدابی روک کے فیچر کو فعال کریں جو آپ کو اس بات کے قابل کرتا ہے کہ آپ آلہ کا رخ نیچے کی جانب کرکے تمام آوازوں کو بند کرسکتے ہیں۔
- **لائسنس**: لائسنس کلیدوں سے متعلق سیٹنگز کو اپنی پسند کے مطابق تبدیل کریں، جیسا کے ٹریکنگ، اختتامی مدّت کی خبرداری، اور بیرونی نیٹ ورکس میں ڈاؤن لوڈنگ۔

وقت تاریخ

اپنے آلے پر وقت اور تاریخ ظاہر کرنے کے طریقہ کار کو کنٹرول کرنے کے لئے مندرجہ ذیل ترتیبات تک رسائی کریں اور انہیں تبدیل کریں۔

- **ٹائم زون**: اپنا مقامی منقطہ وقت سیٹ کریں۔
- **وقت تاریخ**: حالیہ تاریخ اور وقت دستی طور پر سیٹ کریں۔
- **وقت کا فارمیٹ**: وقت کی تشکیل منتخب کریں۔
- **تاریخ کا فارمیٹ**: تاریخ کا فارمیٹ منتخب کریں۔

- **ڈیٹا سسٹم**: کسی کیلنڈر کے نظام کو منتخب کریں۔
- **خودکار وقت کی تجدید**: منطقہ اوقات تبدیل کرتے وقت، وقت کی خودکار تجدید کریں۔

مینیو اور وجیٹ

- **توافقی مینیو ترتیب**: عمال کی تعداد کے اعتبار سے خود بخود ایلیکینشز کی ترتیب (بہت زیادہ استعمال ہونے والی ایلیکیشن سب سے پہلے)۔
- **وڈجیٹ**:
  - **وجٹ پروفائلیں**: وڈجیٹ کی خاطر استعمال کے لئے کنکشن پروفائل منتخب کریں۔
  - **ڈاؤن لوڈ کردہ وجیٹس**: ڈاؤن لوڈ شدہ وڈ جیٹ کی فہرست دیکھیں۔
  - **دستبرداری**: وڈ جیٹ سے دستبرادی دیکھیں۔

ایپلیکیشنز

اپنے آلہ ایلیکیشنز کو قابو کرنے کے لئے مندرجہ ذیل سیٹنگز تک رسائی اور تبدیلی کریں۔

› کال

کال کرنے کے فیچر کے لئے سیٹنگز ذاتی بنائیں۔

- **تمام کالیں**:
  - **میرا نمبر دکھائیں**: وصول کنندگان کو اپنا موبائل فون نمبر دکھائیں (آپ کو یہ فیچر استعمال کرنے کے لئے لازمی سم کارڈ داخل کرنا چاہیئے)۔
  - **آٹو منع کرنا**: خود بخود مسترد کرنے کے لئے کال کرنے والوں کی فہرست مقرر کریں۔
  - **سابقہ سے ڈائل کرنا**: پری فکس ڈائل نمبر سیٹ کریں۔
  - **کال کو پیغام کے ساتھ رد کریں**: کال مسترد ہونے پر کال کرنے والوں کو بھیجنے کے لئے پیغام منتخب کریں۔

- **جوابی موڈ**: انتخاب کریں کہ کس طرح کالوں کا جواب دیا جائے۔ آپا [ ] دبا کر یا کوئی بھی کیلد دبا کر۔ یا آلہ کو ایک خاص وقت کے بعد خود کار جواب پر مقرر کرکے (صرف ہیڈ سیٹ کے منسلک ہونے پر دستیاب ہے)۔
- **کال سٹیٹس ٹون**: رابطہ، منٹ یاد دہانی کرانے والا یا کال منقطع آوازیں کو فعال یا غیر فعال کریں۔
- **کال پر ہوشیار**: کال کے دوران خبرداری کو فعال یا غیرفعال کریں۔

• **وائس کال**:

- **ان کمنگ آگے منتقل**: آنے والی کالوں کا رخ کسی دوسرے نمبر کی طرف تبدیل کریں۔
- **کال ہارنگ**: آنے یا جانے والی کالوں کو بلاک کریں۔
- **کال منتظر ہے**: جب آپ پہلی ہی کال پر ہوں تو آنے والی کال سنبھالنے کے اختیارات واضح کریں۔
- **آٹو ریڈائل**: جس کال سے رابطہ نہ ہوسکا اس کو خود کار طور پر ری ڈائل کرنے یا نہ کرنے کا تعین کریں۔

• **جعلی کال**: جعلی کالوں کے لئے سیٹنگز کو اپنی پسند کے مطابق تبدیل کریں۔ ◀ صفحہ 40

• **جوابی مشین**: ایک مخصوص وقفے کے بعد خودبخود کال کا جواب دینے کے لیے جواب دینے والی مشین کے فیچر کو فعال کریں۔

❯ پیغامات

پیغامات فیچر کے لئے سیٹنگز ذاتی بنائیں۔

• **عام ترتیبات**:

- **کاپی رکھیں**: پیغامات کی نقل محفوظ رکھنے یا نہ رکھنے کا تعین کریں۔
- **فولڈر مٹائیں**: حذف کرنے کے لئے پیغامات کے فولڈر کا انتخاب کریں۔
- **خودکار مٹانا**: پیغامات کو از خود ختم کرنے یا نہ کرنے کا تعین کریں۔

- **بلاک پیغامات**: مخصوص رابطوں اور مخصوص عنوانات کے پیغامات کو بلاک کریں۔
- **الرٹ کی ٹون**: تعین کریں کہ کتنی مرتبہ آلہ آپ کو نئے پیغامات کے بارے میں خبردار کرے گا۔

• **ٹیکسٹ پیغامات**:

- **جوابی راستہ**: وصول کنندگان کو اس بات کی اجازت دیں کہ آپ کو آپ کے تحریری پیغام کے سرور کے ذریعے جواب دیں۔
- **ڈیلوری رپورٹ کی درخواست کریں**: اپنے پیغامات کے پہنچائے جانے کے بعد آپ کو اطلاع دینے کے لئے نیٹ ورک کا تعین کریں۔
- **سروس سینٹر**: تحریری پیغامات کے لئے مرکز کا پتہ درج کریں۔
- **کو محفوظ**: منتخب کریں کہ نئے پیغامات کو کہاں محفوظ کیا جائے۔

• **ملٹی میڈیا پیغام**:

- **بھیجنے کے اختیارات**:

فوقیت: اپنے پیغامات کے ترجیحی سطح کا تعین کریں۔
مدد ختم: تعین کریں کہ کب تک آپ کے پیغامات ملٹی میڈیا پیغام کے سرور میں محفوظ رہیں۔
پہنچانا: اپنے پیغامات کے بھیجنے جانے سے پہلے وقت میں تاخیر کا تعین کریں۔
ڈیلوری رپورٹ کی درخواست کریں: اپنے پیغام کے ہمراہ بھیجے جانے کی رپورٹ کے لئے درخواست بھیجیں تاکہ آپ کے پیغامات کے ارسال کئے جانے پر آپ کو اطلاع دی جاسکے۔
پڑھنے کی درخواست کریں: اپنے پیغام کے ہمراہ پڑھے جانے کی رپورٹ کے لئے درخواست بھیجیں تاکہ آپ کے پیغامات کے پڑھ لئے جانے پر آپ کو اطلاع دی جاسکے۔
میرا نام کارڈ اٹافقہ: باہر ھیجے جانے والے پیغامات کے ساتھ اپنا نام کارڈ بھیجنے یا نہ بھیجنے کا تعین کریں۔

- **وصول کرنے کے اختیارات**:

ڈاولوڈ کی قسم: منتخب کریں کہ کس طرح نئے ملٹی میڈیا پیغامات کو ڈاؤن لوڈ کیا جائے۔
ڈیلیوری رپورٹ بھیجیں: اپنے پیغامات کے پہنچائے جانے کے بعد آپ کو اطلاع دینے کے لئے نیٹ ورک کا تعین کریں۔

پڑھنے کی رپورٹ بھیجیں: نیٹ ورک کا تعین کریں کہ وہ بھیجنے والوں کو آپ کے پیغامات پڑھنے کی اطلاع دے۔
اجازت نا معلوم: نامعلوم بھیجنے والوں کی طرف سے پیغامات کو موصول کرنے یا نہ کرنے کا تعین کریں۔
اشتہارات کی اجازت دیں: اشتہاری پیغامات کو قبول کرنے یا نہ کرنے کا تعین کریں۔

- **ملٹی میڈیا پیغام پروفایلز**: پیغامات بھیجنے یا موصول کرنے کی خاطر استعمال کرنے کے لئے رابطہ کا انتخاب کریں۔
- **پیغام کا سائیز**: پیغامات کے لئے زیادہ سے زیادہ حجم کا انتخاب کریں۔ دستیاب پیغامات کا حجم آپ کے علاقے کے لحاظ سے مختلف ہوسکتا ہے۔
- **آٹو سائیز بدلیں**: کسی ملٹی میڈیا پیغام میں اضافہ کرنے کے لئے کسی تصویر کے حجم کو بدلنے یا نہ بدلنے کا تعین کریں۔
- **تخلیق کا موڈ**: ملٹی میڈیا پیغامات کو تخلیق کرنے کے لئے موڈ کا انتخاب کریں۔ آپ کسی بھی قسم کے اجزاء کے ساتھ پیغامات کو مرتب کرنے اور کسی بھی حجم پر یا اجزاء کی قسم یا حجم کے بارے میں خبرداری کےپیغامات موصول کا انتخاب کرسکتے ہیں۔
- **ڈیفالٹ سٹائنیل**: پیغام کی ڈیفالٹ خصوصیات، جیسا کے فونٹ کی طرز، حجم، رنگ اور پس منظر کے رنگ کا تعین کریں۔

- **پش پیغام**:
  - **وصول کے اختیارات**: ویب سرورز کی جانب سے بھیجے جانے والے پیغامات کو موصول کرنے یا نہ کرنے کا تعین کریں۔
  - **سروس لوڈ کر رہا ہے**: جب آپ دبانے پر بھیجے جانے والے پیغامات کھولتے ہیں تو منسلکہ خدمت کے ویب صفحہ تک رسائی کرنے یا نہ کرنے کا تعین کریں۔
- **براڈکاسٹ پیغامات**:
  - **ایکٹیویشن**: نشریاتی پیغامات کے فیچر کو فعال یا غیرفعال کریں۔
  - **وصول ہونے والے چینیل**: تمام چینلز یا میرے چنیلز سے پیغامات وصول کرنے کا تعین کریں۔
  - **میرے چینیل**: اپنے پسندیدہ چینلز منتخب کریں۔
  - **زبان**: نشریاتی پیغامات کی زبان کا انتخاب کریں۔
- **وائس میل کا نمبر**: وائس میل کے لئے نام اور مرکزکا پتہ درج کریں۔

- **پیغامات SOS**: کسی حادثہ کی صورت میں SOS پیغامات سیٹ کریں۔ ◄ صفحہ 50

ای میل

- **ایی میل اکاؤنٹ**: ای میل اکاؤنٹ دیکھیں، سیٹ اپ کریں یا حذف کریں۔
- **بھیجنے کے اختیارات**:
  - **طے شدہ اکاؤنٹ**: کوئی ٹیفالٹ ای میل اکاؤنٹ منتخب کریں۔ یہ اختیار صرف اس وقت ظاہر ہوتا ہے جبکہ آپ کے دو یا زائد اکاؤنٹس ہوں۔
  - **ویب اکاؤنٹس**: کاؤنٹ کی سیٹنگز اپنی پسند کے مطابق تبدیل کریں۔ آپ کے پاس دو یا زیادہ اکاؤنٹس ہیں، پہلے کسی اکاؤنٹ کا انتخاب کریں۔

  سے: بھیجنے والے کی حیثیت سے اپنا ای میل پتہ درج کریں۔
  فوقیت: اپنے پیغامات کے ترجیحی سطح کا تعین کریں۔
  کاپی رکھیں: بھیجے گئے پیغامات کی نقل سرور میں محفوظ رکھنے یا نہ رکھنے کا تعین کریں۔

باڈی کے ساتھ جواب دیں: کسی پیغام کا جواب دینے پر اصل پیغام کو شامل کرنے یا نہ کرنے کا تعین کریں۔
بمعہ فائلیں آگے: کسی پیغام کا جواب دینے پر متصل اشیاء کو شامل کرنے یا نہ کرنے کا تعین کریں۔
پڑھنے کی رپورٹ حاصل کریں: اپنے پیغام کے ہمراہ پڑھے جانے پر جواب کی درخواست بھیجیں تاکہ آپ کے پیغامات کے پڑھ لئے جانے پر آپ کو اطلاع دی جاسکے۔
پہنچ کی رپورٹ حاصل کریں: اپنے پیغام کے ہمراہ ارسال کئے جانے کی رپورٹ کے لئے درخواست بھیجیں تاکہ آپ کے پیغامات کے ارسال کئے جانے پر آپ کو اطلاع دی جاسکے۔
میرا نام کارڈ اظافہ: باہر ہیجے جانے والے پیغامات کے ساتھ اپنا نام کارڈ بھیجنے یا نہ بھیجنے کا تعین کریں۔
مجھے ہمیشہ CC کریں: اپنے باہر ہیجے جانے والے تمام پیغامات کے ساتھ اپنا ای میل ایڈریس شامل کرنے یا نہ کرنے کا تعین کریں۔

دستخط شامل کریں: باہر بھیجے جانے والے پیغامات کے ساتھ اپنا دستخط شامل کرنے یا نہ کرنے کا تعین کریں۔

دستخط: اپنا دستخط درج کریں۔

- دیگر اکاؤنٹ کی سیٹنگز اپنی پسند کے مطابق تبدیل کریں۔

- **وصول کرنے کے اختیارات**:
  - **ای میل سائز**: پیغامات کے لئے زیادہ سے زیادہ حجم کا انتخاب کریں۔
  - **پڑھنے کی رپورٹ بھیجیں**: نیٹ ورک کا تعین کریں کہ وہ بھیجنے والوں کو آپ کے پیغامات پڑھنے کی اطلاع دے۔
  - **ریموٹ تصویریں لوڈ کریں**: ای میل تشکیل میں شامل کردہ تصویریں اٹھانے کا تعین کریں۔
- **مٹانے کے اختیارات**: اپنے آلہ یا آلہ یا سرور پیغامات حذف کرنے کا انتخاب کریں۔
- **ای میلیں بلاک کریں**: مخصوص پتوں اور عنوانات کی ای میلز کو بلاک کریں۔
- **ایی میل کی پروفائیل**: پیغامات بھیجنے یا موصول کرنے کی خاطر استعمال کرنے کے لیے کنیکشن پروفائل منتخب کریں۔

رابطے

- **حافظہ مستعمل**: منتخب کریں کہ نئے رابطوں کو کہاں محفوظ کیا جائے اور رابطوں کو کہاں سے ظاہر کیا جائے۔
- **ڈسپلے نام کی ترتیب**: منتخب کریں کہ رابطے کے ناموں کو کس طرح ظاہر کیا جائے۔
- **اپنا نمبر**: اپنے ذاتی نمبر محفوظ اور منظم کریں۔
- **سروس نمبر**: اپنے مطلوبہ معلومات حاصل کرنے اور رابطوں کو کہاں سے ظاہر کرنے کے بارے میں اپنے خدمت فراہم کرنے سے رابطہ کریں۔

کلینڈر

کلینڈر کی سیٹنگز کو ذاتی بنائیں۔

- **کیلنڈرز**: ڈیفالٹ کیلینڈر منتخب کریں۔
- **کیلنڈر ہم وقت**: کسی ویب کلینڈر کو اپنے آلہ کے کلینڈر سے ہم وقت کریں۔ ◀ صفحہ 86
- **دیکھیں**: ڈیفالٹ کلینڈر ویو کا تعین کریں (مہینہ اور دن)۔
- **شروع کا دن**: منتخب کریں کہ ہفتہ کس دن سے شروع ہوگا (اتوار یا پیر)۔

انٹرنیٹ

انٹر نیٹ تک رسائی کی خاطر استعمال کے لئے کنکشن پروفائل منتخب کریں۔ ◄ صفحہ 83

میڈیا پلیر

میوزک پلیئر اور ویڈیو پلیئر کی سیٹنگ کو ذاتی بنائیں۔

- **میوزک پلیر کی سیٹینگز**: میوزک پلیئر کے اختیارات کا تعین کریں۔ ◄ صفحہ 68
- **سیٹینگز VOD**: ویڈیو آن ڈیمانڈ (VOD) چلانے کی خاطر استعمال کرنے کے لئے نیٹ ورک کنکشن پروفائل کا انتخاب کریں۔

سام سنگ ایپس

- **تازہ کاری اعلامیہ**: سام سنگ Apps سے ایپلیکشن کی تجدید کی اطلاع حاصل کرنے کے لیے کونی کنیکشن (Wi-Fi یا پیکیٹ سوچڈ ڈیٹا نٹورک) منتخب کریں۔
- **نیٹ ورک پروفائیل**: سام سنگ Apps استعمال کرنے کے لیے اپنے خدمت فراہم کنندہ کے ذریعہ پہلے سے سیٹ کوئی نٹورک کنیکشن پروفائل منتخب کریں یا سام سنگ Apps سے ایپلیکشن ڈاؤن لوڈ کریں۔ اگرکینکشن پروفائل پہلے سے سیٹ نہیں ہے تو، تفصیلی سیٹنگز کے لیے اپنے خدمت فراہم کنندہ سے رابطہ کریں۔

فوٹو اپ لوڈ سیٹنگز

- **بلوگ فہرستیں**: ویب سائٹس یا بلاگ کی فہرست کو اپ ڈیٹ کریں۔
- **تفصیلات اپلوڈ**: اپنے آخری اپ لوڈ کی تفصیلات دیکھیں۔
- **فوٹو اپ لوڈ پروفائلیں**: تصویر اپ لوڈ کی خاطر استعمال کے لئے کنکشن پروفائل منتخب کریں۔
- **دستبرداری**: عام دستبرادی دیکھیں۔

سماجی نیٹ ورک پروفائلز

کمیونٹی ویب سائٹس کے استعمال کرنے کے لئے کنکشن پروفائل منتخب کریں۔

تنصیب کی سیٹنگیں

نئی اپلیکیشنز انسٹال کرنے کے لئے میموی کی ڈیفالٹ مقام کا انتخاب کریں۔

سیکیورٹی

اپنے آلہ اور ڈیٹا کومحفوظ کرنے کے لئے مندرجہ ذیل سیٹنگز تک رسائی اور تبدیلی کریں۔

- **فون لاک**: آلہ کو استعمال کرنے سے پہلے آلہ کا پاس ورڈ طلب کرنے کا فیچر جس سے آلہ لاک ہوتا ہے اس کو فعال یا غیر فعال کریں۔
- **خاص لاک**: کئی قسم کے ڈیٹا کو ذاتی بنائیں؛ ذاتی ڈیٹا تک رسائی کے لئے آپ اپنے آلہ پر لازمی پاس ورڈ لگانا چاہیئے۔
- **موبائیل ٹریکر**: گم شدہ یا چوری ہونے کی صورت میں آپ کے آلے کو تلاش کرنے میں مدد فراہم کرنے والے موبائل ٹریکر کے فیچر کو فعال یا غیرفعال کریں۔ ◄ صفحہ 30
- **پاس ورڈ میں تبدیلی**: آلہ کا پاس ورڈ تبدیل کریں۔
- **سم کارڈ لاک**: SIM کارڈ تبدیل کرنے پرSIM پاس ورڈ طلب کرنے کے لئے SIMلاک فیچر کو فعال یا غیر فعال کریں۔
- **پن لاک**: آلہ استعمال کرنے سے قبل PIN کو ضروری بنانے کے لئے PIN لاک کے فیچر کا فعال یا غیرفعال کریں۔
- **پن بدلنا**: سم تک رسائی کرنے کے لئے استعمال کی جانے والی PIN تبدیل کریں۔
- **پکا ڈائیل کرنے کا موڈ**: FDN فہرست میں موجود فون نمبروں تک کالیں محدود کرنے کے لئے FDN وضع فعال یا غیرفعال کریں۔
- **پن 2 میں تبدیلی**: بنیادی PIN کی حفاظت کے لئے استعمال کیا جانے والا PIN2 تبدیل کریں۔

میموری

اپنے آلہ کے میموری کے استعمال کو قابو کرنے کے لئے مندرجہ ذیل سیٹنگز تک رسائی اور تبدیلی کریں۔

- **میموری کارڈ کی تفصیلات**: جب کوئی میوری کارڈ داخل کیا جاتا ہے، تو اپنے میموری کارڈ کی تفصیلات تک رسائی کریں۔ آپ میموری کارڈ کو فارمیٹ اور میموری کارڈ کے نام میں تبدیلی کرسکتے ہیں۔

کسی میوری کارڈ کو فارمیٹ کرنے سے اس میں موجود ڈیٹا مستقل طور پر ختم ہوجاتا ہے۔

- **ڈیفالٹ میموری**: فائیلیں محفوظ کرنے کی خاطر ڈیفالٹ میموری کے مقام کا تعین کریں۔
- **میموری کی حالت**: کئی قسم کی فائلوں کے استعمال شدہ اور دستیاب میموری دیکھیں۔
- **فون میموری صاف کریں**: اپنے آلہ کی میمیوری میں سے منتخب کردہ ڈیٹا ختم کریں۔

دوبارہ سیٹ

اپنی سیٹنگز کو فیکٹری کے ڈیفالٹ اقدار پر دوبارہ سیٹ کریں۔ جن سیٹنگز کو دوبارہ سیٹ کرنا ہے ان کا انتخاب کریں۔ دوبارہ سیٹنگس کرنے کے لئے آپ کو لازمی پاس ورڈ درج کرنا چاہیئے۔

فون کے متعلق

- **سسٹم انفو**: بیٹری پاور، CPU کے استعمال اور ذخیرہ میموری کی دستیاب مقدار جانچیں۔ آپ اپنے فون کا ماڈل بمبر، اور بلیو ٹوتھ اور Wi-Fi کے MAC پتے بھی چیک کرسکتے ہیں۔
- **ماخذ کے لائسنس کھولیں**: ڈاؤن لوڈ شدہ پروگراموں کے کھلے ہوئے ذرائع لائسنس کی جانچ کریں۔

سافٹ ویئر تازہ کاری

ہ ترین فرم ویئر اور اپنے آلہ پر نیا فرم ویئر ڈاؤن لوڈ کرنے کے لئے جانچ کریں۔ مینو کو استعمال کرنے کے لئے آپ کے پاس سام سنگ کا اکاؤنٹ ہونا لازمی ہے۔

ہوسکتا آپ کے علاقے کے لحاظ سے یہ فیچر دستیاب نہ ہو۔

سم اپلیکیشنز

اپنے خدمت مہیاکار کی طرف سے پیش کردہ اصافی متنوع خدمات استعمال کریں۔ آپ کے سم کارڈ پر منحصر یہ مینیو مختلف انداز میں لیبل کے ساتھ دستیاب ہو سکتا ہے۔

ازالہ نقص کاری

جب آپ آلہ استعمال کرتے ہوئے اپنا آلہ آن کرتے ہیں تو یہ آپ سے درج ذیل کوڈ درج کرنے کی درخواست کرتا ہے:

کوڈ	مسئلے کے حل کے لیے اس کو آزمائیں:
پاس ورڈ	جب آپ کے آلے کے لاک فیچر آن ہوں تو آپ کو آلے کے لئے سیٹ کیا گیا پاس ورڈ درج کرنے کی ضرورت ہے۔
PIN	جب آپ پہلی مرتبہ آلے کو استعمال کر رہے ہوں یا جب PIN کی ضرورت کو فعال کردیا جائے، تو آپ کو سم یا یوسم کارڈ کے ساتھ مہیا کردہ PIN داخل کرنے کی ضرورت ہے۔ آپ یہ خصوصیت **پن لاک** مینیو استعمال کرتے ہوئے نااہل بنا سکتے ہیں۔

کوڈ	مسئلے کے حل کے لیے اس کو آزمائیں:
PUK	آپ کا سم یا یوسم کارڈ بلاک کردیا گیا ہے، جو عام طور پر کئی مرتبہ غلط PIN داخل کرنے کی وجہ سے ہوسکتا ہے۔ آپ کو اپنے خدمت فراہم کار کی طرف سے فراہم کردہ PUK داخل کرنے کی ضرورت ہے۔
PIN2	جب آپ کسی ایسے مینیو تک رسائی کرتے ہیں جس کے لئے PIN2 کی ضرورت ہو، آپ کو سم کارڈ یا یوسم کی جانب سے فراہم کردہ PIN2 درج کرنے کی ضرورت ہے۔ تفصیلات کے لیے اپنے خدمت فراہم کنندہ سے رابطہ کریں۔

آپ کا آلہ "سروس موجود نہیں" یا "نیٹ ورک کی غلطی" دکھاتا ہے

- جب آپ ایسے علاقے میں ہوں جہاں سگنل کمزور یا کم ہو تو آپ وصولی کھوسکتے ہیں۔ دوسرے علاقے کی طرف بڑھیں اور دوبارہ کوشش کریں۔

- آپ رکنیت سازی کے بغیر کچھ اختیارات تک رسائی حاصل نہیں کر سکتے۔ مزید تفصیلات کے لئے اپنے خدمت فراہم کنندہ سے رابطہ کریں۔

ٹچ اسکرین کا رد عمل سست ہے یا درست نہیں ہے

اگر آپ کے آلے کی ٹچ اسکرین ہے اور ٹچ اسکرین درست طور پر کام نہ کر رہی ہو تو مندرجہ ذیل آزمائیں:

- ٹچ اسکرین سے تمام حفاظتی کور نکالیں۔ حفاظتی کور کی وجہ سے ممکن ہے کہ آلہ آپ کے انپٹ نہ پہچانے اور ٹچ اسکرین آلات کے لئے ان کی تجویز نہیں کی جاتی ہے۔
- ٹچ اسکرین پر ٹیپ کرتے وقت یقین کرلیں کہ آپ کے ہاتھ صاف اور سوکھے ہیں۔
- عارضی سافٹ وئیر کے نقص صاف کرنے کے لئے اپنے آلے کو دوبارہ شروع کریں۔
- یقین کرلیں کہ آپ کے آلے کے سافٹ وئیر کی جدید ترین ورژن پر تجدید کرلی گئی ہے۔
- اگر ٹچ اسکرین پر خراشیں ہوں یا وہ ناقص ہوں تو اسے اپنے مقامی سام سنگ خدمت کے مرکز پر لے جائیں۔

کالیں منقطع ہورہی ہیں

جب آپ ایسے علاقے میں ہوں جہاں سگنل کمزور یا کم موصول ہوں تو آپ اپنے نیٹ ورک سے جڑت کھو سکتے ہیں۔ دوسرے علاقے کی طرف بڑھیں اور دوبارہ کوشش کریں۔

باہر جانے والی کالیں جڑ نہیں رہی ہیں

- اثبات کریں کہ آپ نے ڈائل کلید کو دبایا ہے۔
- اثبات کریں کہ آپ نے درست سیلولر نیٹورک تک رسائی کی ہے۔
- اثبات کریں کہ آپ نے ڈائل کردہ فون نمبر کے لیے کال روک سیٹ نہیں کیا۔

آنے والے کالیں جڑ نہیں رہی ہیں

- اثبات کریں کہ آپ کا آلہ آن ہے۔
- اثبات کریں کہ آپ نے درست سیلولر نیٹورک تک رسائی کی ہے۔
- اثبات کریں کہ آپ نے آنے والے فون نمبر پر کال روک سیٹ نہیں کیا۔

دوسرے آپ کی آواز نہیں سن سکتے ہیں

- اثبات کریں کہ آپ نے بلٹ ان مائیکروفون کو ڈھانپا نہیں ہوا ہے۔
- اثبات کریں کہ مائکروفون آپ کے منہ کے قریب ہے۔
- اگر آپ ہیڈسیٹ استعمال کررہے ہوں تو اثبات کریں کہ وہ درست طور پر جڑا ہوا ہے۔

آڈیو کا معیار کم ہے

- اثبات کریں کہ آپ نے آلے کا اندرونی انٹینا بلاک نہیں کیا ہوا۔
- جب آپ ایسے علاقے میں ہوں جہاں سگنل کمزور یا کم ہو تو آپ وصولی کھوسکتے ہیں۔ دوسرے علاقے کی طرف بڑھیں اور دوبارہ کوشش کریں۔

رابطوں سے کال کرتے وقت، کال نہیں جڑی

- اثبات کریں کہ رابطہ فہرست میں صحیح نمبر ذخیرہ کیا گیا ہے۔
- نمبر پھر داخل اور محفوظ کریں اگر ضروری ہو۔
- اثبات کریں کہ آپ نے رابطے کے فون نمبر کے لئے کال روک سیٹ نہیں کیا ہے۔

آلہ بیپ دیتا ہے اور بیٹری کا آئیکن جھپکتا ہے

آپ کی بیٹری کم ہے۔ آلے کے استعمال کو جاری رکھنے کے لئے بیٹری کو دوبارہ چارج کریں یا بیٹری بدلیں۔

بیٹری صحیح طور پر چارج نہیں ہوتی ہے یا آلہ آف ہو جاتا ہے

- بیٹری کے ٹرمینل گندے ہوسکتے ہیں۔ سنہری رنگ کے دونوں کانٹیکٹس کو صاف، نرم کپڑوں سے پونچھیں اور دوبارہ بیٹری چارج کرنے کی کوشش کریں۔
- اگر بیٹری مزید مکمل طور پر چارج نہیں ہوتی ہو تو پرانی بیٹری مناسب انداز میں ضائع کریں اور اسے نئی بیٹری کے ساتھ بدل دیں (ضائع کرنے کے لئے مقامی قانون کے ہدایات کی پیروی کریں)۔

آپ کا آلہ گرم ہے

جب آپ ایسے ایپلیکیشن استعمال کررہے ہوں جن کے لئے زیادہ توانائی درکار ہو یا اپنے آلے کو لمبے عرصے کے لئے استعمال کرتے ہیں تو آپ کا آلہ گرم ہوسکتا ہے۔ یہ عام ہے اور اس کی وجہ سے آپ کے آلے کی کارکردگی یا زندگی متاثر نہیں ہونے چاہئیے۔

کیمرہ چلاتے ہوئے نقص کے پیغامات ظاہر ہورہے ہیں

کیمرے کا ایپلیکشن چلانے کے لئے ضروری ہے کہ آپ کے سام سنگ کے آلے میں میموری اور بیٹری کافی ہو۔ اگر کیمرا چلاتے ہوئے نقص کے پیغامات وصول ہوں تو مندرجہ ذیل آزمانے کی کوشش کریں:

- بیٹری کو چارج کریں یا اس کی جگہ مکمل طور پر چارج کی گئی دوسری بیٹری لگائیں۔
- اپنے آلے سے کچھ فائلیں پی سی میں منتقل کر کے یا اپنے آلے سے فائل مٹا کر کچھ میموری فارغ کریں۔
- آلے کو دوبارہ چلائیں۔ اگر ان مراحل پر عمل کرنے کے باوجود آپ کو کیمرا ایپلیکیشن استعمال کرنے میں مشکل پیش آرہی ہو تو سامسنگ خدمت مرکز سے رابطہ کریں۔

ایف ایم ریڈیو چلاتے ہوئے نقص کے پیغامات ظاہر ہورہے ہیں

آپ کے سام سنگ کے موبائل کے آلے پر ایف ایم ریڈیو ایپلیکیشن ہیڈ سیٹ کو بطور اینٹینا استعمال کرتا ہے۔ ہیڈ سیٹ لگائیں بغیر ایف ایم ریڈیو سٹیشن موصول نہیں کرسکتا ہے۔ ایف ایم ریڈیو استعمال کرنے کے لیے اثبات کریں کہ ہیڈ سیٹ درست طور پر لگایا گیا ہے۔ اس کے بعد دستیاب ریڈیو اسٹیشن سکین کریں اور انہیں محفوظ کریں۔

اگر آپ ان اقدامات کے بعد بھی آپ ایف ایم ریڈیو استعمال کر پائیں تو کسی دوسرے ریڈیو ریسیور کے ذریعے اپنے مطلوبہ اسٹیشن تک رسائی کرنے کی کوشش کریں۔ اگر آپ دوسرے ریسیور کے ذریعے سٹیشن سن سکتے ہیں تو آپ کے آلے کو مرمت کی ضرورت ہے۔ کسی سام سنگ خدمت مرکز سے رابطہ کریں۔

موسیقی کی فائلیں کھولتے وقت نقص کے پیغامات ظاہر ہورہے ہیں

ہوسکتا ہے کہ کچھ موسیقی کی فائلیں کئی وجوہات کی بنا پر آپ کے سام سنگ موبائل آلے پر نہ چلیں۔ اگر آپ کو اپنے آلے پر موسیقی کی فائلیں کھولنے کے دوران نقص کے پیغامات موصول ہوں تو مندرجہ ذیل آزمائیں:

- اپنے آلے سے کچھ فائلیں پی سی میں منتقل کر کے یا اپنے آلے سے فائل مٹا کر کچھ میموری فارغ کریں۔
- اثبات کریں کہ موسیقی کی فائل عددی حقوق کے انتظام (DRM) کے ذریعے محفوظ نہیں کی گئی ہے۔ اگر فائل کو DRM کے ذریعے محفوظ نہیں کیا گیا ہو تو اثبات کریں کہ آپ کے پاس فائل چلانے کے لئے مناسب لائسنس یا کلید موجود ہے۔
- اثبات کریں کہ آپ کے آلے میں فائل کی قسم کی سہولت ہے۔

کوئی دوسرا بلیوٹوتھ آلہ نہیں ملا

- یقین کرلیں کہ اپ کے آلے پر بلیوٹوتھ وائرلیس فیچر فعال ہے۔
- اگر ضروری ہو تو آپ جس آلے سے جڑنا چاہتے ہیں اس پر بلیوٹوتھ وائرلیس فیچر کے فعال ہونے کا اثبات کریں۔
- یقین کرلیں کہ آپ کا آلہ اور دوسرا بلیوٹوتھ آلہ زیادہ سے زیادہ بلیوٹوتھ رینج (10 میٹر) کے اندر ہیں۔

اگر مندرجہ بالا ٹوٹکوں سے مسئلہ حل نہ ہوا ہو تو سام سنگ خدمت کے مرکز سے رابطہ کریں۔

آلے کو پی سی سے جوڑنے پر کنکشن قائم نہیں ہوتا ہے

- اثبات کریں کہ پی سی کے ساتھ جوڑنے کے لئے استعمال کیا جانے والا ڈیٹا کیبل آپ کے آلے کے ساتھ مطابقت رکھتا ہے۔
- اثبات کریں کہ آپ نے اپنے پی سی پر مناسب ڈرائیور نصب کئے ہیں اور ان کی تجدید کی گئی ہے۔

آپ کا آلہ ہینگ ہوجاتا ہے یا اس میں جانی نقص ہیں

آپ کا آلہ ہینگ ہو جائے تو آپ کو کارگزاری دوبارہ حاصل کرنے کے لئے پروگرام بند کرنے یا آلے کو دوبارہ سیٹ کرنے کی ضرورت پیش آسکتی ہیں۔ آپ کا آلہ اب بھی کام کررہا ہے لیکن کوئی پروگروم جام پڑ گیاہے تو ٹاسک مینیجر کااستعمال کرتے ہوئے اس پروگرام کو بند کردیں۔ آپ کا آلہ جام ہوگیا ہے اور کام نہیں کررہا تو [⏻] دبائیں اور تھامیں جب تک کے آلہ سے بند اور کھل نہیں جاتا۔

حفاظتی تدابیر

اپنے آپ اور دوسروں کو چوٹ، اور اپنے آلے کو نقصان سے محفوظ رکھنے کے لئے، اپنا آلہ استعمال کرنے سے پہلے مندرجہ ذیل معلومات کا مطالعہ کریں۔

تنبیہ: برقی کرنٹ، آگ اور دھماکوں کی روک تھام کریں

خراب برقی تاریں یا پلگ یا بجلی کے ڈھیلے ساکٹ استعمال نہ کریں

بجلی کی تار کو گیلے ہاتھوں سے نہ چھوئیں، اور نہ ہی چارجر کی تار کھینچ کر اسے غیرمتصل کریں

بجلی کی تار کو نہ موڑیں اور نہ ہی خراب کریں

چارجنگ کے دوران اپنا آلہ نہ استعمال کریں اور نہ ہی آلے کو گیلے ہاتھوں سے چھوئیں

چارجر بیٹری کو شارٹ سرکٹ مت کریں۔

چارجر یا بیٹری کو نہ گرائیں اور نہ ہی اسے جھٹکا دیں

بیٹری کو ایسے چارجروں سے نہ چارج کریں جنہیں بنانے والے نے منظور نہ کیا ہو

پنے آلے کو طوفان برق باد کے دوران استعمال نہ کریں

آپ کا آلہ خراب طریقے سے کام کرسکتا ہے اور آپ کے برقی جھٹکے کا خطرہ بڑھ جاتا ہے۔

خراب یا لیک کرنے والی لیتھیم آئین (Li-Ion) کو نہ چھوئیں

اپنی Li-Ion کو بحفاظت ضائع کرنے کے لئے، اپنے قریب ترین مجاز خدمت کے مرکز سے رابطہ کریں۔

بیٹریاں اور چارجر احتیاط سے رکھیں اور ضائع کریں

- صرف سام سنگ کی منظور شدہ بیٹریاں اور چارجر استعمال کریں جو آپ کے آلے کے لئے خاص طور پر بنائے گئے ہیں۔ غیرمطابق بیٹریاں اور چارجر شدید چوٹ کا باعث بن سکتے ہیں یا ان کی وجہ سے آپ کے آلے کو نقصان پہنچ سکتا ہے۔
- آلات یا بیٹریوں کو کبھی بھی آگ میں ضائع مت کریں۔ استعمال شدہ بیٹریاں یا آلات کو ٹھکانے لگاتے وقت تمام مقامی قوانین کی پیروی کریں۔
- بیٹریوں یا آلات کو گرم ہونے والے آلات جیسا کہ مائیکروویو اون، چولہے، یا ریڈی ایٹر کے اوپر یا اندر مت رکھیں۔ بیٹریاں زیادہ گرم ہونے پر پھٹ سکتی ہیں۔
- بیٹری کو کبھی مت کچلیں یا پنکچر کریں۔ بیٹری کو بہت زیادہ بیرونی دباؤ کے قریب مت رکھیں، جو اندرونی شارٹ سرکٹ یا گرمی کا باعث بن سکتا ہے۔

آلے، بیٹریوں اور چارجروں کو نقصان سے بچائیں

- اپنے آلے اور بیٹریوں کو بہت زیادہ ٹھنڈے یا بہت زیادہ گرم درجات حرارت سے دور رکھیں۔
- شدید درجات حرارت کی وجہ سے آلے کی شکل بگڑ سکتی ہے اور آپ کے آلے اور بیٹریوں کی چارجنگ کی صلاحیت اور زندگی کم کرسکتی ہے۔
- بیٹریوں کو دھاتی اشیاء سے ٹکرانے سے بچائیں جو آپ کی بیٹریوں کے + اور - ٹرمینل کے درمیان کنکشن بنا کر بیٹری کو عارضی یا مستقل نقصان پہنچا سکتے ہیں۔
- کبھی بھی خراب چارجر یا بیٹری نہ استعمال کریں۔

تنبیہہ: اپنے آلے کو محدود علاقوں میں استعمال کرتے وقت تمام حفاظتی تنبیہات اور ضوابط پر عمل کریں

جہاں ممانعت ہو وہاں اپنا آلہ بند کردیں

کسی خاص علاقہ میں موبائل آلے کے استعمال کو ممنوع قرار دینے والے تمام ضوابط کی پابندی کریں۔

اپنے آلے کو دوسررے الیکٹرانک آلات کے قریب استعمال نہ کریں

زیادہ تر الیکٹرانک آلات ریڈیو فریکوینسی سگنل استعمال کرتے ہیں۔ آپ کا آلہ دوسرے الیکٹرانک آلات کے ساتھ دخل انداز ہوسکتا ہے۔

اپنے آلے کو پیس میکر کے قریب استعمال نہ کریں

- اگر ممکن ہو تو اپنے آلے کو پیس میکر کے 15 سنٹی میٹر کی زد میں استعمال کرنے سے گریز کریں کیونکہ آپ کا آلہ پیس میکر کے ساتھ دخل انداز ہوسکتا ہے۔
- اگر آلہ استعمال کرنا ضروری ہو تو پیس میکر سے کم از کم 15 سنٹی میٹر کا فاصلہ رکھیں۔
- پیس میکر کے ساتھ ممکنہ مداخلت کو کم سے کم کرنے کے لئے آلے کو اپنے جسم کے اس حصے پر استعمال کریں جس پر پیس میکر نہ ہو۔

اپنے آلے کو ہسپتال میں یا طبی آلات کے قریب نہ استعمال کریں جن میں ریڈیو فریکوینسی کی وجہ سے مداخلت ہو

اگر آپ بذات خود کوئی طبی آلہ استعمال کرتے ہوں تو اپنے آلے کے ریڈیو فریکوینسی سے تحفظ کو یقینی بنانے کے لئے آلہ بنانے والے سے رابطہ کریں۔

اگر آپ آلہ سماعت استعمال کرتے ہیں تو ریڈیو مداخلت کے متعلق معلومات کے لئے بنانے والے سے رابطہ کریں

آپ کے آلے کی ریڈیو فریکوینسی کی وجہ سے کچھ آلات سماعت میں مداخلت ہوسکتی ہے۔ اپنے آلہ سماعت کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لئے بنانے والے سے رابطہ کریں۔

ممکنہ دھماکہ خیز ماحولوں میں آلہ آف کر دیں

- بیٹری نکالنے کے بجائے ممکنہ دھماکہ خیز ماحولوں میں آلہ آف کردیں۔
- ممکنہ دھماکہ خیز ماحولوں میں ہمیشہ ضوابط ہدایات اور اشاروں پر عمل کریں۔

- ایندھن بھرنے کے مقامات)سروس اسٹیشن (پٹرول یا کیمیکل اور ریزہ کاری والے علاقوں میں اپنا آلہ مت استعمال کریں۔
- آلہ، اس کے حصوں یا لوازمات کو آتش گیر مائعات، گیسوں یا دھماکہ خیز مواد کے ساتھ ذخیرہ نہ کریں اور نہ ہی ان کے قریب لے کر جائیں۔

طیارے میں اپنا آلہ بند کردیں

طیارے میں اپنا آلہ استعمال کرنا غیرقانونی ہے۔ آپ کا آلہ طیارے کے الیکٹرانک نیویگیشن کے آلات کے ساتھ دخل انداز ہوسکتا ہے۔

آپ کے آلے کی ریڈیو فریکوینسی کی وجہ سے گاڑی کے الیکٹرانک آلات میں خرابی پیدا ہوسکتی ہے

آپ کے آلے کی ریڈیو فریکوینسی کی وجہ سے آپ کی گاڑی کے الیکٹرانک آلات میں خرابی پیدا ہوسکتی ہے۔ مزید معلومات کے لئے بنانے والے سے رابطہ کریں۔

گاڑی استعمال کرتے ہوئے موبائل آلات کے استعمال کے متعلق تمام حفاظتی تنبیہات اور ضوابط پر عمل کریں

گاڑی چلانے کے دوران، آپ کی اولین ذمہ داری گاڑی کو بحفاظت چلانا ہے۔ اگر قانون اس کی ممانعت کرے تو گاڑی چلانے کے دوران کبھی بھی اپنا موبائل فون استعمال نہ کریں۔ اپنی اور دوسروں کی حفاظت کے لئے عام عقل و فہم کا مظاہرہ کریں اور مندرجہ ذیل ٹوٹکوں کو یاد رکھیں:

- ہینڈزفری آلہ استعمال کریں۔
- اپنے آلے اور اس کے سپولیاتی فیچر، جیسے کہ فوری ڈائل اور دوبارہ ڈائل، کو جانیں۔ ان فیچروں کی وجہ سے اپنے موبائل آلے سے کال کرنے یا کال موصول کرنے کے لئے درکار وقت میں کمی واقعی ہوتی ہے۔
- اپنے آلے کو پہنچ میں رکھیں۔ راستے سے نظریں ہٹائے بغیر اپنے وائرلیس آلے تک رسائی کو ممکن بنائیں۔ اگر کسی غلط وقت پر کال آجائے تو اپنے وائس میل کو اس کا جواب دینے دیں۔
- آپ جس شخص سے بات کررہے ہیں، اسے اپنے گاڑی چلانے کے متعلق آگاہ کریں۔ ٹریفک یا خطرناک موسمی صورت حالوں میں کالوں کو معطل کردیں۔ بارش، برف، برف و باراں خطرناک ہوسکتے ہیں۔
- نوٹس نہ لیں اور نہ ہی فون نمبر تلاش کریں۔ "اہم کام" کی فہرست بنائے یا اپنے ایڈریس بک میں گھومنے سے بحفاظت گاڑی چلانے کی بنیادی ذمہ داری سے دھیان ہٹ جاتا ہے۔
- سمجھداری کے ساتھ نمبر ڈائل کریں اور ٹریفک کی جانچ کریں۔ جب آپ ساکن ہوں یا ٹریفک میں نکلنے سے قبل کال کریں۔ کالوں کی منصوبہ بندی اس وقت کرنے کی کوشش کریں جب آپ کی گاڑی ساکن ہو۔ اگر آپ کو کال کرنے کی ضرورت پیش آئے تو صرف چند نمبر ہی ڈائل کریں، راستے اور اپنے سگنیلوں کی پڑتال کریں پھر جاری رہیں۔
- دباؤ پیدا کرنے والے یا جذباتی گفتگو سے پرہیز کریں جس سے آپ کا دھیان ہٹ سکے۔ آپ جن افراد سے بات کررہے ہیں، انہیں آگاہ کریں کہ آپ گاڑی چلا رہے ہیں اور ایسی گفتگو معطل کردیں جو آپ کے دھیان کو راستے سے ہٹاسکتے ہیں۔
- مدد کے لئے اپنے آلے سے کال کریں۔ آگ، ٹریفک کے حادثات یا طبی ہنگامی صورت حالوں کی صورت میں مقامی ہنگامی نمبر ڈائل کریں۔

- ہنگامی صورت حالوں میں دوسروں کی مدد کے لئے اپنا آلہ استعمال کریں۔ اگر آپ کو گاڑیوں کا حادثہ، کسی جرم، یا کوئی ایسی ہنگامی صورت حال کا تجربہ ہو جہاں جانوں کو خطرہ ہو، تو کسی مقامی ہنگامی نمبر پر کال کریں۔
- ضرورت پڑنے پر سڑک کے ساتھ مدد یا کوئی خصوصی غیرہنگامی مدد کے نمبر پر کال کریں۔ اگر آپ کو کوئی ٹوٹی پھوٹی گاڑی جس سے شدید خطرہ نہ ہو، کسی ٹریفک سگنل کی خلاف ورزی، غیرمعمولی ٹریفک کا حادثہ جس میں کسی کو چوٹ نہ لگی ہو، یا کوئی ایسی گاڑی نظر آئے جس کے چوری ہونے کا علم ہو تو راستے کے ساتھ کی مدد یا کسی دوسرے خصوصی غیرہنگامی نمبر پر کال کریں۔

اپنے موبائل آلے کی درست دیکھ بھال اور استعمال

اپنے آلے کو خشک رکھیں

- ہوا میں نمی اور تمام اقسام کی مائعات سے آلے کے حصے یا الیکٹرانک سرکٹ کو نقصان پہنچ سکتا ہے۔
- گیلا ہونے پر، اپنے آلے کو آن کئے بغیر بیٹری نکال دیں۔ آلے کو تولیے سے پونچھ کر اسے خدمت کے مرکز پر لے جائیں۔
- مائعات سے آلے کے اندر پانی کے نقصان کو ظاہر کرنے والے لیبل کا رنگ تبدیل ہوجائے گا۔ آپ کے آلے کو پانی سے ہونے والے نقصان کی وجہ سے منصوعہ کار کی وارنٹی ختم ہو سکتی ہے۔

اپنے آلے کو گندے اور گردوغبار والے علاقوں میں استعمال یا ذخیرہ نہ کریں

گرد و غبار سے ممکن ہے کہ آپ کا آلہ درست طور پر کام نہ کرے۔

اپنے آلے کو ڈھلانوں پر ذخیرہ نہ کریں

گرنے پر آپ کے آلے کو نقصان پہنچ سکتا ہے۔

اپنے آلے کو گرم یا ٹھنڈے علاقوں میں ذخیرہ نہ کریں۔ اپنے آلے کو °C -20 یا °C 50 کے درمیان استعمال کریں

- کسی بند گاڑی کے اندر چھوڑنے پر آپ کا آلہ پھٹ سکتا ہے کہ، کیونکہ اندر کا درجہ حرارت °C 80 تک پہنچ سکتا ہے۔
- اپنے آلے کو لمبے عرصے کے لئے براہ راست دھوپ میں نہ رکھیں (جیسے کہ گاڑی کے ڈیش بورڈ پر)۔
- بیٹری کو °C 0 سے °C 40 کے درمیان ذخیرہ کریں۔

اپنے آلے کو سکوں، چابیوں یا گلے کے باروں جیسے دھاتی اشیاء کے ساتھ ذخیرہ نہ کریں۔

- آپ کے آلے کی شکل بدل سکتی ہے یا ممکن ہے کہ وہ درست طور پر کام نہ کرے۔
- اگر بیٹری کے ٹرمینل دھاتی اشیاء کے ساتھ رابطے میں آئیں تو آگ لگ سکتی ہے۔

اپنے آلے کو مقناطیسی فیلڈوں کے قریب ذخیرہ نہ کریں

- ممکن ہے کہ آپ کا آلہ درست طور پر کام نہ کرے یا بیٹری مقناطیسی فیلڈز کے ساتھ لمس کی وجہ سے ڈسچارج ہوجائے۔
- مقناطیسی اسٹرائپ کے کارڈ، جس میں کریڈٹ کارڈ، فون کے کارڈ، پاس بکس اور بورڈنگ پاس شامل ہیں، مقناطیسی فیلڈز کی وجہ سے خراب ہوسکتے ہیں۔
- کیس یا لوازمات کو مقناطیسی اشیاء کے ساتھ ملا کر مت لے جائیں اور نہ ہی لمبے عرصے تک اپنے آلے کو مقناطیسی اشیاء سے ٹکرانے دیں۔

اپنے آلے کو ہیٹر، مائیکروویو، گرم چولہے کا آلہ یا اعلی دباؤ کے ڈبوں کے قریب یا ان کے اندر نہ رکھیں

- بیٹری لیک ہوسکتی ہے۔
- آپ کا آلہ بہت زیادہ گرم ہو کر آگ کا باعث بن سکتا ہے۔

اپنے آلے کو نہ تو گرانیں اور نہ ہی اس کے ساتھ کسی چیز کو ٹکرائیں

- آپ کے آلے کی اسکرین کو نقصان پہنچ سکتا ہے۔
- مڑنے یا شکل کی تبدیلی پر آپ کے آلے کو نقصان پہنچ سکتا ہے یا ممکن ہے کہ اس کے پرزے درست طور پر کام نہ کریں۔

لوگوں یا جانوروں کی آنکھوں کے قریب فلیش استعمال نہ کریں

آنکھوں کے قریب فلیش استعمال کرنے سے بصارت کا عارضی نقصان یا آنکھوں کو نقصان پہنچ سکتا ہے۔

بیٹری اور چارجر کی زیادہ سے زیادہ مدت کو یقینی بنائیں

- بیٹریوں کو ایک ہفتے سے زیادہ کے لئے چارج نہ کریں کیونکہ زیادہ چارج کرنے سے بیٹری کی زندگی میں کمی واقع ہوسکتی ہے۔
- وقت کے ساتھ ساتھ استعمال نہ ہونے والی بیٹریاں ڈسچارج ہو جاتی ہیں اور انہیں استعمال سے قبل چارج کرنے کی ضرورت پڑتی ہے۔
- جب استعمال نہ ہو رہے ہوں تو چارجر بجلی سے منقطع کر دیں۔
- بیٹریوں کو صرف ان کے مطلوبہ مقاصد کے لیے استعمال کریں۔

بنانے والے کے منظور کردہ بیٹریاں، چارجر، اسیسریاں اور سامان استعمال کریں

- عمومی بیٹریاں یا چارجر کے استعمال سے ممکن ہے کہ آپ کے آلے کی زندگی کم ہوجائے یا آلہ درست طور پر کام نہ کرے۔
- ایسی اسیسریاں یا سامان استعمال کرنے کے دوران، جنہیں سام سنگ نے منظور نہ کیا ہو، سام سنگ صارف کے تحفظ کے لئے ذمہ داری قبول نہیں کرسکتا ہے۔

آلے یا بیٹری کو نہ تو کاٹیں اور نہ ہی چوسیں

- ایسا کرنے سے آلے کو نقصان پہنچ سکتا ہے یا دھماکہ ہوسکتا ہے۔
- اگر بچے آلہ استعمال کرتے ہوں تو یقین کرلیں کہ وہ آلے کو درست طور پر استعمال کریں۔

آلہ پر بات کرنے کے دوران:

- آلے کو سیدھا پکڑیں، اسی طرح جس طرح آپ کسی روایتی فون کو پکڑتے ہیں۔
- ماؤتھ پیس میں براہ راست بولیں۔
- اپنے آلے کے اندرونی انٹینا کے ساتھ جڑنے سے پرہیز کریں۔ اینٹیٹا چھونے سے ممکن ہے کہ کال کی کوالٹی خراب ہو یا آلہ ضرورت سے زیادہ ریڈیو فریکوینسی کی ترسیل کرے۔
- اپنے آلے کو آہستہ سے پکڑیں، کلیدوں کو آرام سے دبائیں، ایسے فیچر استعمال کریں جن میں کم کلیدیں دبانے کی ضرورت ہو (جیسے کہ ٹیمپلیٹس اور پیش گوئی متن) اور وقفے لیتے رہیں۔

اپنی سماعت کو بچائیں

- زیادہ دیر تک اونچے والیوم پر آوازیں سننے سے آپ کی سماعت کو نقصان پہنچ سکتا ہے۔
- گاڑی چلاتے وقت زیادہ اونچے والیوم پر آوازیں سننے سے آپ کا دھیان بٹ سکتا ہے اور یہ حادثات کا باعث بن سکتا ہے۔
- ائیر فون کو کسی آڈیو کے ذریعے میں لگانے سے پہلے ہمیشہ آواز کم کردیں اور اپنی گفتگو یا موسیقی سننے کے لئے کم سے کم ضروری آواز کی سیٹنگ ہی استعمال کریں۔

چلتے ہونے یا حرکت کرتے ہونے آلہ استعمال کرتے وقت احتیاط سے کام لیں

اپنے آپ کو اور دوسروں کو چوٹوں سے بچانے کے لئے اپنے ماحول سے ہمیشہ باخبر رہیں۔

اپنے آلے کو اپنی پچھلی جیبوں یا اپنی قمر کے گرد نہ رکھیں۔

گرنے کی صورت میں آپ کو چوٹ لگ سکتی ہے یا آلے کو نقصان پہنچ سکتا ہے۔

اپنے آلے کو علیحدہ نہ کریں، تبدیل نہ کریں یا اس کی مرمت نہ کریں

- آپ کے آلے میں تبدیلیوں کی وجہ سے منصوعہ کار کی وارنٹی ختم ہو سکتی ہے۔ مرمت کے لئے اپنے آلے کو سام سنگ خدمت کے مرکز پر لے جائیں۔
- بیٹری کو علیحدہ نہ کریں اور نہ ہی اس میں سوراخ کریں کیونکہ یہ دھماکے یا آگ کا باعث بن سکتا ہے۔

اپنے آلے پر اسٹیکرز نہ پینٹ کریں اور نہ ہی لگائیں

پینٹ اور اسٹیکرز حرکت کرنے والے اجزاء میں رکاوٹ پیدا کرسکتے ہیں اور صحیح طریقے سے کام کرنے کو روک سکتے ہیں۔ اگر آپ کو پینٹ یا دوسرے معدنی اجزاء سے الرجی ہے تو، آپ کے کی جلد پر خارش، اگزیما، یا سوجن ہوسکتی ہے۔ جب یہ ہو تو، مصنوعہ استعمال کرنا روک دیں اور اپنے معالج سے مشورہ کریں۔

آلہ صاف کرنے کے دوران:

- اپنے آلے یا چارجر کو تولیے یا ربڑ سے پونچھیں۔
- بیٹری کے ٹرمینلوں کو روئی یا تولیے سے صاف کریں۔
- کیمیائی مواد یا ڈیٹرجنٹ کا استعمال نہ کریں۔

اسکرین میں دراڑ پڑنے یا ٹوٹنے کی صورت میں آلہ استعمال نہ کریں

ٹوٹی ہوئی کانچ یا ایکرلک کی وجہ سے آپ کے ہاتھوں یا چہرے کو چوٹ لگ سکتی ہے۔ مرمت کے لئے اپنے آلے کو سام سنگ خدمت کے مرکز پر لے جائیں۔

آلے کو اس کے مطلوبہ مقصد کے علاوہ کسی بھی مقصد کے لئے استعمال نہ کریں

سب کے سامنے آلہ استعمال کرنے کے دوران دوسروں کو تنگ کرنے سے گریز کریں

بچوں کو اپنا آلہ نہ استعمال کرنے دیں

آپ کا آلہ کھلونا نہیں ہے۔ اپنے بچوں کو اس کے ساتھ نہ کھیلنے دیں کیونکہ وہ خود کو اور دوسروں کو چوٹ پہنچا سکتے ہیں، آلے کو نقصان پہنچا سکتے ہیں یا کالیں کرسکتے ہیں جن کی وجہ سے آپ پر اخراجات لاگو ہوں۔

موبائل فون اور آلات کی احتیاط سے تنصیب کریں

- یقینی بنائیں کہ موبائل آلہ یا آپ کی گاڑی میں نصب شدہ متعلقہ آلہ بحفاظت لگایا گیا ہے۔
- اپنے آلے اور لوازمات کو ایئر بیگ کھل جانے کے علاقے کے قریب یا اس میں رکھنے سے گریز کریں۔ ایئر بیگ کے تیزی سے بھرنے پر غیر مناسب انداز میں تنصیب شدہ وائر لیس آلات شدید چوٹ کا باعث بن سکتے ہیں۔

صرف اہل افراد کو ہی اپن آلے کی سروس کرنے کی اجازت دیں

نااہل افراد کو اپنے آلے کی سروس کروانے کی اجازت دینے سے آپ کے آلے کو نقصان پہنچنے کے علاوہ وارنٹی بھی ختم ہو جائے گی۔

سم کارڈ اور میموری کارڈ احتیاط سے استعمال کریں

- میموری کارڈ کو معلومات کی منتقلی اور رسائی کے دوران مت ہٹائیں کیونکہ یہ ڈیٹا ضائع ہونے کا باعث بن سکتا ہے اور/یا کارڈ یا آلے کو نقصان پہنچا سکتا ہے۔
- کارڈوں کو سخت جھٹکوں، ساکن بجلی، اور دیگر آلات کے برقی شور سے بچائیں۔
- سنہری رنگ کے رابطوں یا ٹرمینل کو انگلیوں یا دھاتی آبجیکٹ سے مت چھوئیں۔ گندا ہونے کی صورت میں کارڈ کو نرم کپڑے سے پونچھیں۔

ایمرجنسی سروس تک رسائی کو یقینی بنائیں

ہو سکتا ہے کچھ علاقوں یا حالات میں آپ کے آلے سے ایمرجنسی کال کرنا ممکن نہ ہو۔ دور دراز یا غیر ترقی یافتہ علاقوں میں سفر کرنے سے قبل ایمرجنسی خدمت کے افراد سے رابطہ کرنے کے متبادل طریقے کی منصوبہ بندی ضرور کریں۔

یقینی طور پر اہم ڈیٹا کا بیک اپ کریں

ڈیٹا غائب ہونے کے لیے سام سنگ ذمہ دار نہیں ہے۔

اختصاصی جذب شرح (SAR) تصدیقی معلومات

آپ کا آلہ ریڈیو اور ٹیلی کمیونیکیشن آلات کی خارج کردہ ریڈیو فریکوینسی کے ساتھ انسانی ایکسپوزر کو محدود کرنے والے یورپی یونین (EU) کے معیارات کے مطابق ہے۔ یہ معیارات 2.0 W/kg سے زیادہ اکسپوژر کی سطح (جسے اختصاصی جذب شرح یا SAR بھی کہا جاتا ہے) سے تجاوز کرنے والے موبائل آلات کے فروخت کی روک تھام کرتے ہیں۔

جانچ کے دوران، اس ماڈل کے لئے زیادہ سے زیادہ ریکارڈ کردہ SAR 0.688 W/kg تھا۔عام استعمال میں اصل SAR کے اس سے بہت کم ہونے کا امکان ہے کیونکہ فون صرف نزدیکی مرکزی سٹیشن تک سگنل جاری کرنے کے لئے ضروری RF انرجی خارج کرنے کے لئے ڈیزائن کیا جاتا ہے۔ جہاں ممکن ہو وہاں خودبخود کم سطح جاری کرکے آپ کا آلہ RF توانائی کے ساتھ آپ کے سامنے کی کو کم کردیتا ہے۔

SAR اور متعلقہ یوروپی یونین معیارات کے متعلق مزید معلومات کے لئے سام سنگ کی ویب سائٹ ملاحظہ کریں۔

اس مصنوعہ کو صحیح طور پر ضائع کرنے کا طریقہ

(برقی زیاں & الیکٹرانک آلات)

(یورپی یونین اور علیحدہ اکٹھا کرنے کے نظام رکھنے والے یورپی ممالک میں قابل اطلاق)

مصنوعے، اسیسریاں یا اس کے لٹریچر پر دکھایا گیا یہ نشان اس بات کی نشان دہی کرتا ہے کہ اس مصنوعے اور اس کے الیٹرانک لوازمات (جیسے کہ چارجر، ہیڈسیٹ، USB کیبل) اسے گھر کی دوسری اشیاء کے ساتھ مدت استعمال ختم ہونے پر ضائع نہیں کیا جانا چاہیئے۔

غیر کنٹرول شدہ زیاں ٹھکانے لگانے سے ماحول یا انسانی صحت کو پہنچنے والے نقصان سے بچاؤ کے لئے اس کو دیگر زیاں کی اقسام سے الگ کرلیں اور ذمہ داری سے ریسائیکل کریں تاکہ مادی وسائل کے دوبارہ پائیدار استعمال کو فروغ دیا جاسکے۔

گھریلو صارفین کو اس مصنوعہ کی محفوظ ریسائیکلنگ سے متعلق تفصیلات کے لئے، اس مصنوعہ کے خوردہ فروشوں، جہاں سے انھوں نے اس مصنوعہ کو خرید تھا، یا اپنے مقامی حکومتی دفتر سے رابطہ کریں۔

کاروباری صارفین اپنے مہیا کاروں سے رابطہ کریں اور خریداری معاہدہ میں درج شرائط و ضوابط کی پڑتال کریں۔ اس مصنوعے اور اس کے الیکٹرانک لوازمات کو دیگر تجارتی زیاں کے ساتھ نہیں ملانا چاہیئے۔

اس مصنوعے کی بیٹریوں کی درست نکاسی

(یورپی یونین اور علیحدہ بیٹری کی واپسی کے نظامات رکھنے والے یورپی ممالک میں قابل اطلاق)

بیٹری، ہدایت نامہ یا پیکیجنگ پر یہ نشان اس بات کو ظاہرکرتا ہے کہ اس مصنوعے کی بیٹریوں کو ان کی زندگی کے بعد دوسرے گھریلو فضلہ کے ساتھ نہیں پھینکنا چاہئیے۔

جہاں نشان لگایا گیا ہو، وہاں کیمیائی علامات Hg. Cd یا Pb اس بات کو ظاہر کرتے ہیں کہ اس بیٹری میں EC کے ڈائریکٹیو 2006/66 کے حوالے کی سطحوں سے زیادہ سیماب، کیڈمیم یا سیسہ شامل ہیں۔ اگر بیٹری کی درست طور پر نکاسی نہ کی گئی تو یہ مواد انسانی صحت یا ماحول کو نقصان پہنچاسکتے ہیں۔

قدرتی وسائل کی حفاظت اور مواد کے دوبارہ استعمال کرنے کے عمل کو فروغ دینے کے لئے، برائے مہربانی بیٹریوں کو دوسرے قسم کے فضلے سے الگ کردیں اور انہیں اپنی مقامی، مفت بیٹری کی واپسی کے نظام کے ذریعے دوبارہ استعمال کے قابل بنائیں۔

دستبرداری

کچھ اجزا اور خدمات جن تک اس آلے کے ذریعے رسائی کی جاسکتی ہے، تیسرے فریقین کی ملکیت ہیں اور کاپی رائٹ، پیٹنٹ، ٹریڈمارک اور/یا دوسرے عاقلانہ ملکیت کے قوانین کے تحت محفوظ کئے گئے ہیں۔ ایسے اجزا اور خدمات صرف آپ کے ذاتی غیرتجارتی استعمال کے لئے فراہم کئے گئے ہیں۔ آپ ان اجزا یا خدمات کو کسی ایسے طریقے سے استعمال نہیں کرسکتے ہیں جس کی اجازت اجزا کے مالک یا خدمت فراہم کنندہ نے نہ دی ہو۔ مندرجہ بالا کو محدود کئے بغیر، علاوہ اس کے کہ قابل اطلاق اجزا کے مالک یا خدمت فراہم کنندہ نے واضح طور پر اس کی اجازت دی ہو، آپ اس آلے کے ذریعے ظاہر کردہ اجزا یا خدمت کو تبدیل نہیں کرسکتے ہیں، نقل نہیں کرسکتے ہیں، دوبارہ شائع نہیں کرسکتے ہیں، اپ لوڈ نہیں کرسکتے ہیں، پوسٹ نہیں کرسکتے ہیں، ترسیل نہیں کرسکتے ہیں، ترجمہ نہیں کرسکتے ہیں، فروخت نہیں کرسکتے ہیں، اس پر مبنی دوسرے اجزا نہیں بناسکتے ہیں، فائدہ نہیں اٹھا سکتے ہیں، اور نہ ہی کسی طریقے یا ذریعے سے تقسیم کرسکتے ہیں تیسرے فریق کے اجزا اور خدمات جیسے ہیں کی بنیاد پر فراہم کئے گئے ہیں سام سنگ کسی بھی مقصد کے لئے اس طرح سے فراہم کردہ اجزا یا خدمات کی ضمانت نہیں دیتا، چاہے وہ واضح کررہ ہوں یا اخذ کردہ۔ سام سنگ واضح طور پر کسی بھی اخذ کردہ ضمانتوں کو دستبردار کرتا ہے، جس میں قابل فروخت ہونے یا کسی بھی خاص مقصد کے لئے موزونیت شامل ہے، لیکن یہ ان تک محدود نہیں۔ سام سنگ اس آلے کے ذریعے فراہم کردہ اجزا یا خدمت کی درستگی، جائز ہونے، بروقت ہونے کی، قانونیت یا مکمن ہونے کی ضمانت نہیں دیتا ہے، اور کسی بھی صورت حال میں، جس میں ہے دھیانی شامل ہے، سام سنگ آپ کے یا کسی تیسرے فریق کے کسی بھی اجزا یا خدمت کے نتیجے میں یا اس میں شامل کسی بھی معلومات کے نتیجے میں یا اس سلسلے میں کسی بھی بلاواسطہ، بالواسطہ، ضمنی، خاص یا نتیجتًا ہونے والے نقصانات کا، معاہدے کے طور پر یا برجانے کے طور پر، ذمہ دار نہیں ہوگا، حتّی کہ اسے ان نقصانات کے امکان کی اطلاع دے دی گئی ہو۔"

تیسرے فریق کی خدمات کسی بھی وقت منقطع یا دخل انداز ہوسکتی ہیں اور سام سنگ کسی بھی اجزا یا خدمت کے کسی بھی مدت کے لئے دستیابی کے سلسلے میں کسی بھی قسم کی نمائندگی نہ کرتا اور ضمانت نہیں دیتا ہے۔ تیسرے فریقین نیٹورک اور ترسیل کی سہولیات کے ذریعے اجزا اور خدمات کی ترسیل کرتے ہیں جس پر سام سنگ کا کوئی کنٹرول نہیں۔ اس دستبرداری کی عمومیت کو محدود کئے بغیر سام سنگ اس آلے کے ذریعے دستیاب ہونے والے کسی بھی اجزا یا خدمت میں مداخلت یا معطلی کے لئے کسی بھی قسم کی ذمہ داری قبول نہیں کرتا ہے۔

سام سنگ اجزا اور خدمات سے تعلق رکھنے والے خریدار کی خدمت کے لئے ذمہ دار نہیں ہے۔ اجزا یا خدمات سے تعلق رکھنے والی خدمت کے متعلق سوال یا درخواست کو براہ راست متعلقہ اجزا اور خدمت فراہم کنندگان سے رجوع کرنے کی ضرورت ہے۔